سعد طبیہ کالج برائے فروغ طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ®
کاہنہ نو لاہور پاکستان

# العقاقیر المیسرہ

# یعنی خواص الاشیاء المفردہ

## مفرد اعضاء کے مطابق مرتب کردہ



257.. عضلاتی..141 اعصابی 150 غدی جڑی بوٹیوں کے خواص وفوائد۔ بنیادی طور پر یہ کتاب استاد الحکماء محسن طب جناب

## حکیم محمد یسین دنیا پوری مرحوم

کی خواص الاشیاء کا خلاصہ ہے۔ اس کی ترتیب وتہذیب میں اور بھی کئی عربی، فارسی اردو کتب سے استفادہ کیا گیا ہے۔ ساتھ میں جڑی بوٹیوں کی تصاویر لگادی گئی ہیں تاکہ شناخت میں آسانی رہے

ثمرہ کاوش

## حکیم قاری محمد یونس شاہد میو

منتظم اعلیٰ۔ سعد طبیہ کالج/ سعد فارمیسی کاہنہ نو لاہور پاکستان

/tibb4all 03484225574 , 03238537640

# حاصل مطالعہ

استاد الحکماء والعاملین

## حکیم قاری محمد یونس شاہد میو

نبض سناش، ماہر غذائیات۔ مولف کتب کثیرہ۔

منتظم اعلی سعد طبیہ کالج (رجسٹرڈ) کاہنہ نولاہور

عامل روحانی وجسمانی، معالج خصوصی جوڑ درد مہرے۔ فالج

مصنف ومولف کتب کثیرہ در طب وعملیات

1۔ ازواج مطہرات اوران کے علمی کارنامے۔ 2۔ سیرت طیبات یعنی بنات النبی ﷺ۔ 3۔ الفائزون بدعاء النبی ﷺ۔ 4۔ فضائل امت محمدیہ علیہ السلام۔ 5۔ وضواور مسواک کے روحانی وطبی فوائد۔ 6۔ منزل اوراس کے مسنون فوائد۔ 7۔ قران کریم سے اخذ کردہ طبی نکات۔ 8۔ آپ کی ضرورتیں اور ان کا حل۔ 9۔ جادو کی تاریخ۔ 10۔ جادو کے بنیادی قوانین اوران کا توڑ۔ 11۔ جادواور جنات کے بارہ میں عرب وعجم کے مجربات۔ 12۔ سیرت الحسن ابن علی رضی اللہ عنہ۔ 13۔ کتب آسمانی میں مذکورہ جڑی بوٹیوں کے فوائد۔ 14۔ علامات، امراض اور علاج۔ 15۔ عملیات ووظائف کے موثر ہونے کے گر 16۔ علماء اور مدارس کے طلباء کے لئے طب سیکھنا کیوں ضروری ہے؟ 17۔ مضبوط پناہیں۔ یعنی تعوذات۔ 18۔ سیرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا 19۔ آپ بھی عامل بن سکتے ہیں۔ 20۔ بنیادی ادویہ سازی۔ 21۔ فالج، اسباب وعلاج۔ 22۔ حضور ﷺ اپنے گھر میں۔ 23۔ گھریلو اشیاء کے طبی فوائد۔ 24۔ غذائی چارٹ۔ 26۔ حاصل مطالعہ۔ 27۔ خواص المفردات۔ 28۔ قدماء کے مجربات۔ 29۔ بے خطاء عملیات۔ 30۔ طبی دنیا کے تیر بہدف مجربات۔ ,31 طب نبوی ﷺ عصر حاضر کے تناظر۔ 32۔ کتاب الطب اور صحاح ستہ۔ 33۔ جادواور جنات کا طبی علاج

/tibb4all

03484225574 , 03238537640

**سعد طبیہ کالج برائے فروغ طب نبوی ﷺ**
کاہنہ نولاہور پاکستان

Designing Saad Younas 0303-0847145

---

## مصنف کی دیگر کتب

طب وحکمت

حکیم قاری محمد یونس شاہد میو

عملیات

- منزل اوراس کے مسنون فوائد
- وضواور مسواک کے روحانی وطبی فوائد
- آپ کی ضرورتیں اوران کا حل
- گھریلو اشیاء کے طبی فوائد
- جادو کی تاریخ
- فالج، اسباب وعلاج
- قدماء کے مجربات
- بنیادی ادویہ سازی
- بے خطاء عملیات
- خواص المفردات
- آپ بھی عامل بن سکتے ہیں
- طبی دنیا کے تیر بہدف مجربات
- عملیات ووظائف کے موثر ہونے کے گر
- کتب آسمانی میں مذکورہ جڑی بوٹیوں کے فوائد
- جادواور جنات کے بارہ میں عرب وعجم کے مجربات
- علامات، امراض اور علاج
- جادو کے بنیادی قوانین اوران کا توڑ
- قران کریم سے اخذ کردہ طبی نکات

/tibb4all

03484225574 , 03238537640

**سعد طبیہ کالج برائے فروغ طب نبوی ﷺ**
کاہنہ نولاہور پاکستان

# اعصابی حصہ۔۔۔ اعصابی غدی

## (1) آک

،مدار۔ عشر۔ SWALLOW WORT مشہور چیز ہے تر گرم۔ اعصابی غدی۔ اس میں ایک قسم کا بے رنگ قلمی جوہر نکلتا ہے جسے عشرین یا مدار کہتے ہیں اس کے علاوہ ایک رال سا مادہ بھی نکلتا ہے اسی قلمی جوہر کو جزو مؤثرہ خیال کیا جاتا ہے۔ دودھ لازع، اکال، پتے کا پانی محمر۔ مقی، ملین۔ مولد رطوبت مخرج صفرا و حرارت۔ معرق، محلل اور مسکن درد والم ہے۔۔ داد، خارش، گنج اور بواسیری مسے پر لگانے سے شفا دیتا ہے۔ قاتل کرم شکم۔ ایک حصہ پتوں کا پانی تین حصے تیل میں پکا کر مالش کرنے سے جوڑوں کے درد۔ کمر درد صفراوی دردوں کے لئے کے لئے نافع ہے۔ درد کے مقام پر ملنے سے نفع ہوتا ہے حتیٰ کہ درد جگر پر پھایہ لگانے سے درد روکتا ہے۔ ہر قسم کی سختی کو دور کرتا ہے۔ گرہیں کھولتا ہے۔ اگر کوئی عضو سکڑ گیا ہو تو اسے اصلی مقام پر لاتا ہے۔ جگر تلی یرقان پتہ کی پتھری ہر قسم کی روکاوٹ کو دور کرتا ہے۔ ہر قسم کے اخراج خون کو روکتا ہے۔ بھڑ۔ سانپ بچھو کاٹے پر لگانے سے آرام دیتا ہے زہر ختم کرتا ہے۔ بواسیر تپ دق (ٹی بی) کے لئے دعویٰ کی چیز ہے

## (2)۔ ابرایشم

۔ ایک کیڑے کا گھر ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ محرک دماغ و اعصاب۔ دافع سوزش جگر و کلیہ و امعاء۔ مخرج صفراء و بول مقوی ارواح ہے۔ جگر و گردوں کو صاف کرتی ہے سینہ و امعاء کی سوزش کو دور کر کے پیچس و کانسی نزلہ کی جلن دور کرتی ہے۔ روح کی بے چینی دور کر کے فرحت دیتی ہے۔ خارش والے اگر ریشم کا کپڑا پہنیں تو جوئیں اور خارش کے لئے نافع ہے۔۔ جلایا ہوا، اکتحالا خارش چشم کو دور کرتا اور زخم کو بھرتا ہے۔

## (3)۔ سجی

۔ عربی میں قلی۔ فارسی میں اشخار کہتے ہیں۔ دو قسم کی ہوتی ہے۔ لوٹا کھار۔ سجی کھار۔ اعصابی غدی ہے۔ نہایت تیز کھار ہے۔ شدید محرک اعصاب ہے۔ جالی اکال۔ مولد رطوبت و بلغم ہے۔ دافع سوزش جگر ہے۔ قاطع و مخرج صفرا ہے۔ زیادہ مقدار میں جسم کو سن کر دیتا ہے۔ شدید مدر بول و لعاب دہن ہے۔ دافع حرارت بدن دافع ورم جگر و طحال و سوزش غدد گردے میں یقینی شفا بخش اثرات کی حامل ہے۔ اگر جسم میں تیزابیت بڑھ گئی ہو خون کا دباؤ زیادہ ہو عضلات میں سکڑاؤ پیدا ہو گیا ہو تو یہ فوری الاثر دوا کے طور پر کام آتی ہے ۔ سوزاک، بندش بول، جگر گردوں کی پتھری کے لئے بے حد مفید ہے ۔ زیادہ مقدار میں کھانے کے منہ و حلق میں جلن گرمی محسوس ہونے لگتی ہے۔ قے و اسہال شروع ہو جاتے ہیں۔ بیرونی طور پر مسوں کو گرانے کے لئے طلاء کرتے ہیں، برص بہق خارش گنج پر لگاتے ہیں۔

## (4)۔ سہاگہ

عربی میں زبدلولیورق۔ فارسی، تنکار۔ انگریزی میں بورک ایسڈ۔ اس میں دیگر کھاروں کی نسبت حرارت زیادہ پائی جاتی ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ یاد رکھئے ہر قسم کی کھار اعصابی غدی ہوتی ہے۔ اور ہر قسم کا نمک غدی اعصابی ہوتا ہے۔ نمک کسی کھار اور ترشی کے مرکب سے تیار ہوتا ہے مثلاً جب سوڈا کاسٹک کو ہائیڈروکلورک ایسڈ (ترشہ) میں حل کرتے ہیں تو اس سے کھانے کا نمک بن جاتا ہے۔ سہاگہ کی شکل و صورت پھٹکڑی سے ملتی ہے لیکن ذائقہ سے پہچان ہوتی ہے۔

## (5)۔ الائچی

۔ قاقلہ۔ ہیل۔ دو قسم کی ہوتی بڑی اور چھوٹی۔ اعصابی غدی ہے۔ مدر رطوبات۔ مطیب۔ ملطف۔ دافع ریاح ملین، ہاضم، مفرح۔ دافع حرارت و بخار، مقوی ہے۔ محرک اعصاب مولد رطوبت ہے بلغی مزاج والوں کے لئے مضر ہے۔ دافع خشونت و بوئے دہن ہے درد شکم سوزش معدہ جگر گردوں کے لئے اکسیر ہے۔

## (6)۔ امرود

۔ زرد اعصابی غدی ہے۔ مفرح، پختہ ملین، کام قابض، ہاضم، مولد رطوبات وبلغم محرک ومقوی دماغ ہے۔ ملین ہے۔ مگر نزلہ زکام کثرت بول اور دل ڈوبنے میں زیادتی کرتا ہے۔ جگر گردوں کی سوزش میں یقینی نافع دوا ہے۔ پیٹ کی اکڑن کو دور کرتا ہے۔

## (7)۔ املتاس

۔ خیاز شنبر۔ اعصابی غدی Purging Cassia۔ عمدہ ملین قبض کشا ہے۔ مقئی۔ ملین، مدر محلل جگر گردے مخرج صفراء ہے۔ ایسے امراض جو غشائے مخاطی سے تعلق رکھتے ہیں کے لئے۔ املتاس یقینی دوا ہے ورم احشاء گلے سے لیکر امعاء ومثانہ تک کے لئے خصوصی دوا ہے یہ ایسا ملین ہے جسے حاملہ عورتوں کے لئے باسانی سے تجویز کیا جاسکتا ہے۔ اس کے پھول بہت خوبصورت لگتے ہیں کیونکہ بارہا دیکھا گیا ہے جب اس میں پتے نہیں ہوتے تو پیلے رنگ کے پھولوں سے پھرا ہوتا ہے اس کی گل قند بھی بنائی جاتی ہے۔ جو کھانسی، سینہ درد، دمہ قبض دور کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ اسے سخت قسم کے ورموں خناق وغیرہ کو دور کرنے کے زیادہ تر استعمال کیا جاتا ہے (تاج العقا قیر ہندستانی جڑی بوٹیاں 60/1) اس کا لعوق بھی تیار کر کے کھانسی والے کو چٹاتے ہیں۔ اس کی جڑ بہت تیز مسہل ہوتی ہے۔ جسم کے رکے ہوئے فاضل مواد ہو خارج کرتی ہے۔

## (8) اندرجو

۔ لسان العصافیر۔ زبان کنجشک۔۔ انگریزی میں ٹیلی چیری سیڈ کہتے ہیں۔ ذائقہ کے لحاظ سے دوقسم کی ہوتی ہے شیریں وتلخ۔ شیریں اعصابی غدی ہے۔ مولد ومخرج صفرا، دافع سوزش غدد۔ مدر بول بندش افراط حیض، پیچس خونی، دافع بواسیر وریاح۔ گردے مثانہ جگر کی پتھریوں کو توڑ کر خارج کرتا ہے، پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے۔ پرانے بخاروں خصوصا دق وسل اور سرطان میں بھی اعتماد کی دوا ہے۔ جگر گردوں کے زہروں کو دور کرتی ہے۔

## (9) اٹنگن

۔ اس کے تخم مستعمل ہیں جو دھنیا کے مشابہ ہوتے ہیں۔ ترگرم درجہ اول۔ اعصابی غدی۔ مقوی اعصاب۔ دافع سوزش غدد۔ مقوی باہ، مغلظ منی جاذب رطوبات ہے، سرعت انزال سیلان الرحم میں مفید مغلظ منی ہے۔ سوزش غدد میں بے حد مفید ہے۔ پیشاب کی جلن دور کرتی ہے۔

## (10) ارہر

۔ وجع الشاعر۔ شاخل۔ مشہور اناج ہے۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ قابض ہونے کی وجہ سے آنتوں کو نافع ہے۔ خون سے رطوبات کو خشک کر کے بھوک بڑھاتی ہے۔ دیر ہضم تبخیر کا باعث ہے۔ پانی میں پیس کر بالخورہ پر لگانے سے بال آجاتے ہیں۔

## (11)۔ آڑو

۔ مشہور اناج ہے اس کی دال بنا کر کھائی جاتی ہے۔ دوقسم کا ہوتا ہے۔ سبز اعصابی غدی۔ سیاہ اعصابی عضلاتی ہے۔ مسمن بدن دیر ہضم۔ مدر بول، نفاخ مولد شیر ہے۔ مسمن بدن ہونے کی وجہ سے اس کا حلوہ بنا کر بھی کھایا جاتا ہے۔ کیمیاوی طور پر خون مین بلغم ورطوبات بڑھاتا ہے۔

## (13) بادام شیریں

۔ لوز الحلو ۔ اعصابی غدی ہے۔ محرک ومقوی دماغ ہے۔ کثیر الغذا ا بیین سم ہے۔ جوہر دماغ کی حفاظت کرتا ہے، مولد رطوبات صالحہ ہے بدن کو فربہ کرتا ہے اس سے روغن بھی نکلتا ہے۔ ہر قسم کی خشک کھانسی، گلے کی خشونت دور کرتا ہے مولد بلغم مخرج صفرا ہے صفرا کی زیادتی سے ہونے والی تمام تکالیف کو منٹوں میں دور کرتا ہے۔ مثانہ کی جلن سوزاک کے زخم اور ہر قسم کی پیچش میں اس کا روغن بے حد مفید ہے۔ اگر ساتویں ماہ حاملہ کو استعمال کرائے تو پیدائش میں سہولت ہو جاتی ہے۔ اگر مثانہ میں پتھری پھنس جائے تو روغن بادام پلانے سے پتھری پھسل کر باہر نکل آتی ہے۔ سر پے مالش کرنا منوم ہے۔ مقوی بصر ہے۔ بے چینی اختلاج قلب کے لئے بہت مفید ہے۔



## (14) بادرنجبویا

۔ بلی لوٹن۔ مفرح القلب۔ ایک قسم کی گھاس ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ اعلی درجہ کی محرک دماغ محلل غدد مسکن قلب ہے۔ دماغ کو طاقت دے کر سدوں کو کارج کرتی ہے۔ اس کے چند دن کا استعمال دماغ کو طاقت حواس ظاہری و باطنی قوی کر دیتا ہے۔ شہد کے ساتھ خفقان قلب اور سانس پھولنے کے لئے مفید ہے۔ خمیرہ گاؤزبان کا جزو ہے۔ بوئے دہن کو دور کرتا ہے۔ اختناق العرحم میں بے حد مفید ہے جب کہ جلن کے ساتھ پیشاب آئے سانس پھولے جلن دار کھانسی ہو فوری فائدہ کرتی ہے۔ عسر طمث کی مریضہ کو اس کے جوشاندہ میں بٹھانے سے فوارً فایدہ ہوتا ہے۔ اس کے پتوں کو سونگھنا نیند لاتا ہے۔ اس کا مشہور شربت احمد شاہی ہے۔ (تاج لاعقاقیر 740)

Https//www.tibb4all.com



## (15) باؤبڑنگ

۔ برنج کابلی۔ E,B,ROLESTA ۔ سرخ وسیاہ دانے مثل کالی مرچ کے ہوتے ہیں۔ اعصابی غدی۔ مولد بلغم مخرج صفراء۔ صفراوی علامات کو فوراً روک دیتا ہے۔ انتڑیوں سے غلیظ مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔ پیٹ کے کیڑے بالخصوص کدو دانوں کو ہمیشہ کے لئے مار مکاتا ہے۔ کاسر ریاح ہے بدہضمی ریاح فاسدہ کو تحلیل کرتا ہے۔ ایک مجرب نسخہ حاضر خدمت ہے۔ ہوالشافی: بابڑنگ۔ کمیلہ برابر وزن باریک سفوف کر لیں۔ ایک تا دو ماشے ہمراہ پانی دن میں دو تین بار۔ اعصابی غدی ہے۔ پرانے سے پرانے کیڑے مرتی جاتے ہیں تین چار دن کھلانے کے بعد میٹھا دودھ پلائیں اس کے بعد 4 رتی سقمونیا دے دیں یا کسٹرائل دیں یا روغن تارین پلا دیں سب کیڑے مردہ حالت میں خارج از شکم ہو جائیں گے۔



## (16)۔ بہمن

۔ ایک لیسدار جڑ ہے۔ سرخ۔ اعصابی غدی ہے۔ سفید اعصابی عضلاتی ہے۔ منی کی رقت دور کر کے غلظت پیدا کرتا ہے۔ سرعت انزال کے مریضوں کے لئے بہترین چیز ہے خفقان قلب پیشاب کی جلن سوزاک پیشاب کی جلن قطرہ قطرہ پیشاب آنے کو مفید ہے اس کا جوشاندہ پلانا فوریا لاثر ہے۔



## (17) پھتر پھوڑی

۔ پتھر چٹا۔ کاسرالحجر۔ Coleus Aromaticus ۔ اعصابی غدی ہے، مدر بول قوی مخرج پتھری مچثانہ وگردہ۔ دافع سوزاک۔ مخرج صفرا، مولد بلغم ہے بندش بول کو منٹوں میں دور کرتا ہے۔

## (18)۔ پستہ

۔ فُستُق ۔ Pisthio Nut ۔ اعصابی غدی ہے۔ مقوی دماغ، مسمن بدن، مولد رطوبات صالحہ وبلغم۔ دافع غدی سوزش۔ مقوی حافظہ وذہن۔ سرعت انزال میں نافع ہے۔ لبوب وحلوہ جات میں بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی گری میں تیل ہوتا ہے۔

## (19) پیٹھا

۔محدبہ۔ کدوئے رومی۔ Weite Pumpkin ۔ مشہور سبزی ہے۔ پیٹھا کی مٹھائی مشہور ہے مفرح ومحرک قلب ہے۔ مسکن ومخرج حرارت ہے۔ مدر بول غذائے دوا ہے اس کے بیجوں کو ابال کر سوزش پیشاب والے کو پلانے سے نفع دیتا ہے۔ کدو دانوں کو فنا کرتا ہے۔ حاملہ عورتوں کو کھلانے سے بچے مضبوط پیدا ہوتے ہیں۔ اس میں وٹامن B پایا جاتا ہے۔ اس کے مرکبات میں مربہ پیٹھا۔ معجون پیٹھا پاک۔ معجون حمل عنبری علوی خان وغیرہ مشہور ہیں۔ (تاج 92/2)

## (20) تالمکھانہ

۔ Asteracantha ۔ چپٹا لبوترا تخم ہے۔ بھورے رنگ کا۔ تر گرم اعصابی غدی ہے۔ محرک اعصاب و دماغ ہے۔ دافع سوزش جگر۔ دافع سوزاک۔ تطقیر البول۔ ملین امعاء۔ مخرج صفرا۔ مفرح قلب ہے۔ سرعت انزال ورقت منی کے لئے عمومی طور پر استعمال کیا جاتا ہے منی کے قوام کو گاڑھا کرتے ہیں۔ تقطیر بول شدید پیچس سوزاک جیسی ہٹیلی مرضیں جڑ سے اکھڑ جاتی ہیں۔ اس کے پانی سے کلیاں کرنا درد دانت کے لئے نافع ہے۔

## (21) ۔ترنجین۔

۔عسل الحاج۔ جوانسا کے پودوں کی رطوبت ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مولد بلغم۔ مسہل صفرا۔ مسمن بدن، ملین، ہاضم دافع سیلان خون۔ مفرح قلب مقی دماغ ہے۔ سوزاک تقطیر البول۔ پیچس سینہ کی جلن صفراوی کھانسی کو نافع ہے مولد بلغم صالحہ وہاضم ہونے کی وجہ سے غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔

## (22) توت سفید

۔توت حلو۔ شہتوت۔ Mulberry ۔ مشہور پھل ہے سفید رنگ کا اعصابی غدی ہے۔ سیاہ اعصابی عضلاتی ہے۔ محلل جگر ہے پاخانہ کھول کر لاتا ہے، پیچس ومروڑ سوزش آنؤں پیشاب کی جلن کو نافع ہے۔ مسمن بدن حسن میں نکھار پیدا پیدا کرتا ہے۔ بہترین مفرح قلب ہے۔ مفتح سدہ ملین طبع محرک دماغ مولد چربی ہے۔ جبکہ سیاہ مبرد قابض حابس رطوبات محلل اورام۔ مسکن حدت خون بخارات کو دماغ کی طرف چڑھنے سے روکتا ہے۔ امراض گلے کے لئے شربت توت مشہور چیز ہے۔

## (23) تودری

۔برزالخم۔ Wall Flower ۔ تارامیرا کی طرح روئیدگی کا بیج ہے۔ تین قسم کی ہوتی ہے۔ سفید اعصابی غدی۔ زرد غدی اعصابی، سرخ عضلاتی اعصابی ہوتی ہے۔۔ تینوں اثرات میں مختلف ہوتی ہیں۔ یہاں سفید کے خواص لکھے جاتے ہیں۔ مولد بلغم صالح۔ دافع سرعت انزال۔ مولد شیر۔ مسمن بدن۔ اسے پیس کر سرطان ودیگر سخت قسم کے اورام پر باندھا جاتا ہے۔ ریح کو نافع اورام سوداویہ خواہ پستانوں میں ہوں یا خصیوں میں انہیں تحلیل کرتا ہے۔

## (24) ثعلب مصری

۔خصیۃ الثعلب۔ خانہ روباہ۔ Salep ۔ عام طور پر تین قسم کی ثعلب پائی جاتی ہیں۔ ثعلب پنجہ۔ ثعلب مصری۔ ثعلب مصری تھومی ایک چوتھی قسم ثعلب دانہ بھی ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مغلظ منی ہونے کی وجہ سے سرعت انزال کے خوفناک مرض کو ہمیشہ کے لئے ختم کر دیتی ہے، مسمن بدن ہے۔ اس کا خاص اثر خصیوں پر ہوتا ہے۔ امساک بھی پیدا کرتی ہے



## (25) جوانسہ۔

حاج۔ خارشتر۔ کانٹے جھاڑی کی طرح پودا ہے۔ اعصابی غدی ہے مدر بول مصفی خون۔ مسکن رادع۔ جالی۔ تریاق پارہ وغیرہ۔ سوزاک وتقطیرالبول بندش بول کی بہترین دوا ہے۔ رادع و مسکن ہونے کی وجہ سے جوش خون میں نفع دیتا ہے۔ بلڈ پریشر کونافع ہے آماس وتہوج کوفوراًاتارتا ہے۔ اس کے جوشاندہ میں بیٹھنا گردہ ومثانہ کی پتھریوں کوتوڑ کر خارج کرتا ہے۔

## (26) چاندی

۔ فضہ۔ نقرہ۔ Silver۔ چاندی قیمتی دھات ہے مضبوط ونرم ہوتی ہے۔ زیورات بنائے جاتے ہیں۔ اعصابی غدی ہے۔ مفرح قلب۔ محرک دماغ۔ دافع رقت حارسرعت انزال کے لئے مفید ہے۔ اس کے ورق بھی بنائے جاتے ہین۔ سنگ گردہ ومثانہ پیشاب کی رکاوٹ کودور کردیتی ہے۔ ملغظ منی پیدا کرتی ہے۔ ادویات کی قوت بڑھانے کے لئے اس کے اوراق لگا کر کھلاتے ہیں۔

## (27) چربی

شحم۔ Fat۔ حیوانات کے اجسام سے حاصل کی جاتی ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ خون میں رطوبات عزیزی کا اضافہ کرتی ہے۔ محلل اورام۔ ملین، مکسن درد۔ م سخن۔ مرطب۔ شیرو سانڈے کی چربیاں باہ کے لئے کام میں لائی جاتی ہیں۔

## (28) چمپا

۔ فاغرو۔ چمپا۔ ۔ اس کی کئی اقسام ہیں۔ باغوں میں لگائے جاتے ہیں۔ اعصابی غدی ہے۔ اس سے ایک لطیف قسم کا عطر کشید کیا جاتا ہے۔ بخاروں میں جب شدید گھبراہٹ ہوتو اس کی چھال بخار اتارنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ اس کی جڑ تے لاتی ہے۔

## (29) چولائی

۔ بقلہ یمامیہ۔ Amarantr Hermphrodite۔ خوردروبوٹی ہے جس کا ساگ بھی پکایا جاتا ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مدر بول ملطف، مسکن حرارت دافع پیاس وصفراو غدی سوزش۔ مانع اخراج خون، تریاق زہر بچھو ہے۔ اس کی جڑ کو گھوٹ کر پینے سے پیشاب کا خون آمیز آنا قطرہ قطرہ آنا کوفوراًروک دیتی ہے۔ جب حیض کا خون رک رک کر آتا ہواس کا ساگ یا پانی نکال کر پینا بے حد مفید ہے۔ مانع اخراج خون ہونے کی وجہ سے بول الدم، قے دم، نفث الدم جریان خون رحم ہے اس مقصد کے لئے اس کے تخم وجڑوں کو کام میں لاتے ہیں۔ تپ وگرم بخار دیوانگی سوزاک کومفید ہے۔ اس کا ساگ ہاتھ پاؤں کے ورم استسقا چہرہ کا ورم جوڑوں کا درد میں بھی نافع ہے۔ اس کے ساگ کھانے سے کھایا ہوا کچا پارہ پیشاب کی راہ خارج ہوجاتا ہے۔ ( تاج العقاقیر ہندستانی جڑی بوٹیاں 161/1 )

## (30) چھوٹی چندن

۔اسرول۔ چندر بھاگا۔ سرپ گندھا Ruwol Fia Serpentina۔ یہ نئی دریافت ہے پرانی کتب میں اس کا ذکر موجود نہیں ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ منوم، مسکن و مخدر۔ مخرش۔ مولد رطوبات صالح ہے۔ دماغی امراض میں اس وقت جو کام اس سے لئے جا رہے ہیں شاید ہی کسی دوسری دوا سے لیا جاتا ہو۔ مسیح الملک حکیم اجمل مرحوم نے سب سے پہلے اس دوا کو دماغی و اعصابی امراض کے لئے استعمال کیا تھا۔ بلڈ پریشر کے لئے میڈیکل میں Ralfen اور Serpina نامی دوائیں اسی سے تیار کی جاتی ہیں جو بلڈ پریشر کے لئے اعلیٰ ترین تنائج دے رہی ہیں دیسی دواخانے بھی اس کے گرویدہ ہیں (تاج العقاقیر ہندستانی جڑی بوٹیاں 52/1) بے خوابی جنون مالیخولیا۔ بھاگنے دوڑنے شور و غل مچانے لڑنے بھڑنے والے مریضوں کے لئے لاجواب ہے۔ اور نعمت ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کو انتہائی مفید ہے۔ تھوڑی سی زیادہ مقدار کھانے سے قے لا سکتی ہے۔ سخت کروی دوا ہے۔ مسیح الملک حکیم اجمل مرحوم کے دواخانہ میں اس کا سفوف دوائے شفا کے نام سے مشہور تھا جسے جنون مرگی مالیخولیا بے خوابی ذکاوت حس اختناق لرحم وغیرہ میں استعمال کیا جاتا تھا (مشیر الاطبأ جنوری 1958)۔ ایک نسخہ حاضر خدمت ہے۔ هوالشافی: کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ اسرول ہر ایک ہموزن لے کر سفوف کر کے محفوظ کر لیں۔ اعصابی غدی ہے۔ نصف سے ایک ماشہ دن میں چار مار۔ مانی یا دودھ کے ساتھ۔ ہائی بلڈ پریشر۔ نیند کا نہ آنا وغیرہ میں تریاقی صفت کا حامل نسخہ ہے۔

## (31)۔ حب القلقل

۔انار دانہ ترش۔ ایک درخت کا پھل کوار کے دانے کے برابر ہوتا ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مخرج حرارت، مانع اخراج خون، مغلظ منی، مدر بول، گردوں و مثانہ کی گرمی کو زائل کرتا ہے۔ خشکی رفع کر کے ہر قسم کے خون کے بہاؤ کو روکتا ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ تقطیر البول مثانہ کی جلن میں بے حد مفید ہے۔ رطوبات کی کثرت کی وجہ سے سردرد پیدا کر سکتا ہے۔

## (32)۔ حلوہ کدو

۔تومبڑہ۔ پیٹھا۔ Pumkin۔ مشہور ترکاری ہے اسے پیٹھا بھی کہا جاتا ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔ رطوبات کی کثرت کی وجہ سے پیٹ کو نرم کرتا ہے۔ اس کا گودا گندے زخموں پر باندھنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ غدی تحریک سے ہونے والی علامات کے لئے بہترین چیز ہے۔ کدودانوں کو ہلاک کرتا ہے۔

Https//www.tibb4all.com

## (33)۔ خربوزہ کے بیج

۔بزر البطیخ۔ تخم خربزہ۔ Melon Seeds۔ کسی تعارف کے محتاج نہیں اعصابی غدی ہیں۔ مدر بول، محلل غدد۔ مفتح اور ملطف۔ ملین جالی ہیں۔ دودھ و منی زیادہ پیدا کرتے ہیں خشکی رفع کرتے ہیں پیشاب کھول کر لاتے ہیں۔ سدہ جگر کھولتے ہیں۔ اختباس بول۔ درد سینہ۔ ورم جگر۔ خشونت حلق۔ سنگ گردہ و مثانہ سوزش اعضائے بول سوزاک میں بکثرت مستعمل ہے۔ حرارت کو زائل کرتا ہے اس کے روغن کی مالش کرنے سے نیند خوب آتی ہے۔

## (34) خطمی

Marsh Mallow یہ ایک سدا بہار درخت ہے اس کی جڑ اور پھول استعمال کئے جاتے ہیں۔ اس کی جڑ میں ریشے ہوتے ہیں اس لئے ریشہ خطمی کہا جاتا ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ اس کے تخم رادع۔ محلل اور مسکن تاثیر کے حامل ہوتے ہیں جڑ میں لعاب زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے پلانے سے پیچس و مروڑ فوراً رک جاتے ہیں انتڑیوں کی سوجن و جلن، پیشاب کی نالی کی جلن خراش کو دور کرتی ہ جب غدی تحریک کی وجہ سے ہاتھ منہ پاؤں پر سوجن ہو جائے پلکوں میں بھاری پن پیدا ہو جائے تو اس کے جوشاندے سے دھونا فوراً فائدہ کی صورت پیدا کرتا ہے۔ غدی تحریک کے دانوں کا درد مسڑھوں کی سوجن میں فائدہ مند ہے۔ اورام پستان۔ خصیہ، گلہ وغیرہ میں پانی میں پیس کر ضماد کرتے ہیں، نزلہ حار سرفہ سینہ کی جلن فوراً دور ہو جاتی ہے۔ اس لئے جوشاندہ کا جز و اعظم ہے۔ جوشاندہ کھانسی و سینہ کی جلن۔ هوالشافی: گل گاؤزبان۔ گاؤزبان، ملٹھی۔ بہدانہ۔ ابریشم۔ خطمی۔ خبازی ہر ایک تولہ تولہ۔ رات کو پانی میں بھگو دیں صبح آدھ سیر پانی کو دو چار جوش دیں چھان کر کام میں لائیں۔ اعصابی غدی ہے۔ نزلہ زکام، سینہ کی جلن۔ جلن دار کھانسی، غدی دمہ، پیچس۔ مروڑ تقطیر البول سوزاک کے لئے فوری الاثر ہے۔

## (35) خوبانی

۔ زردآلو۔ مسمش۔ ہاڑی۔ Apricot اعصابی غدی ہے۔ مشہور پھل ہے۔ کثیر الغذا، ملین طبع، مسہل ومخرج صفراء، مسکن حرارت وجوش خون۔ ۔ صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے مروڑ وپیچس میں مفید ہے غذائی کمی کو پورا کرتی ہے اس کے کھانے سے پاخانہ کھل کر آتا ہے۔ کمزور معدہ والوں کو قے لاتی ہے۔

## (36) دودھ بکری

۔ لبن الماعز۔ شیر بز۔ Goats milk، اعصابی غدی ہے۔ ملین مدر بول۔ ملطف اس میں دہنیت کم ہوتی ہے۔ لیکن اونٹنی کے دودھ سے زیادہ ہوتی ہے خشک کھانسی۔ سل و تپ قد۔ پھپھڑوں کے زخم۔ حلق کی خراش کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ خراش مثانہ خناق گرمی سے ہونے والے سردرد کے لئے مفید ہے۔ غدی تحریک سے پیدا ہونے والے بچوں کے منہ کے چھالوں میں اس کے دودھ کی دھاریں لگاتے ہیں۔

## (37) عورت کا دودھ

۔ لبن النساء۔ شیر زن۔ اعصابی غدی ہے۔ ملطف۔ مولد رطوبات صالحہ وبلغم۔ مسلن مولد حرارت عزیزی۔ آنکھوں کی سرخی جلن درد کو تسکین دینے کے لئے قطر کرتے ہیں۔ اس کی مالش سے بے خوابی دور ہوجاتی ہے۔ دماغ کی خشکی دور کرتا ہے۔

Https//www.tibb4all.com

## (38) گائے کا دودھ

۔ لبن البقر۔ شیر گاؤ Cows Milk۔ اعصابی غدی ہے۔ اس میں پروٹین ہوتے ہیں۔ کثیر الغذاء۔ زود ہضم، مولد ومغلظ منی۔ مقوی دماغ ومفرح قلب، مسمن بدن ہے۔ اس کے استعمال سے چربی بہت پیدا ہوتی ہے خفقان سل دق پھپھڑوں کے زخم جلد بند ہوجاتے ہیں۔ تازہ دودھ مقوی ومحرک دماغ ہے مرطب ہے مالیخولیا وساوس نسیان کے لئے بہترین ہے۔ گائے سینگ کو جلا کر پانی سے کھانا خون تھوکنے کے لئے نافع ہے۔ مر کے ساتھ اس کے پیشاب کو کھرل کر کے کان میں ڈالنا کان درد کے لئے نافع ہے۔ (الحاوی فی الطب للرازی 50/6) گائے کے گوبر کو بھڑ کاٹے پر لگانے سے آرام آجاتا ہے۔

## (39) دھنیا

۔ کزبرہ یابسہ۔ کشنیز، Coriader۔ کسی تعارف کا محتاج نہیں ہر ہانڈی وکھانے کا حصہ ہے۔ طب قدیم میں مصری لوگ ہزاروں سال پہلے دھنیا کو حیض کے تکلیف سے آنے۔ معدہ کی گرمی و بے چینی اور پیشاب کو کھولنے کے لئے استعمال کا کرتے تھے (طب قدیم صفحہ 12) اعصابی غدی ہے، کاسر ریاح مفرح قلب، دافع خفقان و وساوس۔ سردرد۔ دوار مقوی دماغ ہے، حابس، مسکن شہوت، مسکن درد ہے۔ سبز خشک کی نسبت زیادہ اثرات کا حامل ہوتا ہے، خشک ہو یا سبز اندرونی و بیرونی طور پر مخدر اثرات رکھتا ہے، بے چین مریضوں کو نیند لانے کے لئے ڈھائی تولے پانی چینی میں ملا کر پلانے سے نیند آجاتی ہے۔ چھپا کی کو دور کرتا ہے۔ دھنیا کے رس میں وٹامن A,B,C پائے جاتے ہیں۔ زیادتی ایام کو مفید ہے۔ ہضم کی خرابی۔ متلی۔ سوزش السر پرانی پیچس میں مفید ہے (تاج 831)

## (40) راب

۔عصارہ قُصب السکر۔ Treacle اعصابی غدی ہے۔ ملین بطن۔ مسمن بدن، مولد رطوبات صالح۔ دافع سوزش وغشائے مخاطی۔ دافع حرارت ہے اس کے استعمال سے جسم میں چربی بننا شروع ہوجاتی ہے۔ اس کے استعمال سے پسینہ خوب آتا ہے۔

## (41) رب السوس

۔ملٹھی کا ست۔ Ext of Liuvorice۔ اعصابی غدی ہے۔ مرطب وملطف۔ ملین، دافع سوزش مخاطی۔ مانع اخراج خون ہے۔ مخرج حرارت وصفرا ہے سینہ کی جلن کھانسی خون آنے گلے کی خشکی میں بے دھڑک کام میں آتا ہے۔ اس کے استعمال سے گرمی برداست کرنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔ جب آؤں آئے مکھ خارج ہو سینہ کی جلن ہو خشک کھانسی تو بہت مفید ہے۔

## (42) روغن ارنڈ

۔دہن الخروج۔ روغن بیدانجیر۔ Castol oil، اعصابی غدی ہے۔ ملین ومسہل۔ ملطف، مولد شیر، قے آور، مانع اسقاط، دافع سوزش غدد، ملسن الم، مخرج کرم شکم۔ بچوں کو بطور مسہل دیا جاسکتا ہے ایسے بچے پھوڑے پھنسیوں سے بھی محفوظ رہتے ہیں۔ جب وضع حمل میں دشواری ہورہی ہو تو اسے پلانے سے آسانی ہوجاتی ہے۔ (ارنڈی کا تیل) تمام فاسد مادوں کو خارج کرتا ہے بطور مالش جوڑوں کے درد کو نافع ہے خوراک پانط تولہ نیم گرم دودھ کے ساتھ۔ یادداشت۔ بالوں کو لمبا کرنے کے لئے نہایت مفید ہے لیکن اس کا بڑا نص یہ ہے کہ یہ بہت گاڑھا اور چیکنا ہوتا ہے اس کے استعمال سے بال چکٹ جاتے ہیں اگر بطور ہیئر آئل استعمال کرنا ہو تو اسے پتلا کرلیں مناسب مقدار میں تلی کا تیل ملالیں یا الکحل آٹھ حصہ لاٹکوار ایمونیا ایک حصہ ملا کر استعمال میں لائیں۔ طب میں اس کا روغن دردوں جکڑن۔ جوڑوں کے درد کے لئے استعمال ہوتا آرہا ہے افادہ ناظرین کے لئے پیش خدمت ہے۔ ہوالشافی: ایک پاؤ روغن ارنڈ میں ایک تولہ مٹھا تیلیہ جلالیں۔ جب جل جائے تو اسے ٹھنڈا ہونے دیں۔ جب معمولی سی گرمی رہے تو اس میں ایک تولہ کافور۔ ایک تولہ ست اجوائن، ایک تولہ ست پودینہ۔ ایک تولہ روغن تارپین ڈال کر محفوظ کرلیں۔ تیار ہے۔ جسمانی دردوں۔ کھچاؤ۔ وغیرہ میں کام کی چیز ہے۔ اعصابی غدی ہے۔

Https//www.tibb4all.com

## (43) ریٹھہ

۔بندق۔ Soap nut۔ ایک پہاڑی درخت کا پھل ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مولد ومخرج رطوبات ہے۔ مخرج صفرا وحرارت ہے، جالی، لاذع۔ مخرش غشائے مخاطی۔ تریاق مار وعقرب گزیدہ۔ معطس، تریاق خناق ہے۔ اسے پانی میں گھس کر ناک میں ٹپکانے سے چھینکیں لاتا ہے جس سے رکا ہوا تمام مواد خارج ہوکر دماغ صاف ہوجاتا ہے۔ شدید الکلی کھار ہے۔ شدید خونی پیچس۔ خونی آؤں تقطیر البول میں قلمی شورہ کے ساتھ دینے سے نفع دیتا ہے۔ عسر طمث بالکل ٹھیک ہوجاتا ہے، خناق والے کو اسے جوشیدہ پانی سے غرارے کرانے سے فوراً فائدہ ہوتا ہے، ایک نسخہ پیش خدمت ہے: ہوالشافی قلمی شورہ 6 تولے۔ گندھک آملہ سار 6 تولے ریٹھا کا سفوف 1 تولہ سب کو ملا کر سفوف کرلیں۔ اعصابی غدی ہے۔ سوزاک، تقطیر البول، چھپاکی کے لئے فوری الاثر ہے دو ماشہ کی مقدار میں کافی ہے دودھ یا پانی سے دیں۔ یہ نسخہ پیلے یرقان کے لئے بھی لاجواب ہے۔ پہلی خوراک ہی اثر دکھانے والی ہے۔

## (44)۔ چونا

۔نورہ۔ کلس۔ آہک۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ حابس وقابض ہونے کی وجہ سے دست وقے کو روک دیتا ہے۔ ہرے پیلے دست کمزور انسانوں خصوصاً بچے کو کھلاتے ہیں گرائپ واٹر کا جزو اعظم ہے۔ چونے کی تین اقسام ہوتی ہیں۔ جماداتی، بناتاتی، حیواناتی۔ زندگی وکائینات کا سب سے بڑا جزو چونا ہے۔ موالید ثلاثہ کے اجزا میں پایا جاتا ہے۔ یہ کھاری و صفراوی اثرات کو ختم کرنے کے لئے بہت اہم ہے صفرا کی پیدائش واخراج کو روک دیتا ہے۔ جلے ہوئے پر اس کے مرکبات استعمال کئے جاتے ہیں۔

## (45)۔ زیرہ

۔کمون۔ انگریزی میں کیرم کہتے ہیں۔ اعصابی غدی تر گرم۔ زیرہ سفید میں ایک فراری روغن ہوتا ہے۔ کیمیاوی طور پر بلغم ورطوبت پیدا کرتا ہے صفرا کی پیدائش کے ساتھ ساتھ اخراج بھی کرتا ہے۔ مولد رطوبات وشیر منی۔ مفرح قلب، محلل سوزش غشائے مخاطی، مانع کثرت طمث۔ مدر بول، کاسر ریاح، ہاضم ومقوی۔ جن عورتوں میں دودھ کی کمی ہوا نہیں کھلانے سے شکایت کمی شیر دور ہوجاتی ہے۔ پیشاب کی نالی کی سوزش جلن میں تسکین پیدا کرتا ہے۔ یادرکھئے کھاروں میں اعضاء کی صفائی کی صفت پائی جاتی ہے یہی زیرہ کی بھی ہے اس کے استعمال سے چہرے کی زنگت صاف ہوجاتی ہے جالی ہونے کی وجہ سے ناخونہ، جالا، دھند کے لئے باریک کرکے اکتحالا لگانا نافع ہے۔ ہچکی جو کہ معدہ میں ترشی کی زیادتی سے ہوتی ہے تو اس کا تدارک گرم کھار سے ہی ہوسکتا ہے زیرہ اس کے لئے اعلی چیز ہے۔ سفوف پیچس/ درد معدہ/ وہاضم۔ ہوالشافی: اجوائن 1 تولہ۔ سنڈھ 1 تولہ۔ زیرہ سفید بریاں 1 تولہ باریک کرکے 3، 3 ماشہ پانی سے دیں غذا کو جزو بدن کرتا ہے، ریاح کو تحلیل کرتا ہے، ہچکی فوراً بند ہوجاتی ہے۔ مخرج سنگ گردہ ومثانہ ہے۔

## (46) سانڈہ

۔سانہ۔ گرگٹ کی طرح موٹا تازہ جانور ہے۔ اس کی چربی دواً مستعمل ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ اس کی چربی سے عضلات پھول جاتے ہیں اس لئے طلاؤں میں اس کی چربی استعمال کی جاتی ہے عضو مخصوص میں موٹاپا آجاتا ہے اور لذت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ اسے مہیج باہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

## (47) ستاور

Asparagus۔ شیر یں لیسدار ایک بیل دار پودے کی جڑ ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مولد شیر۔ مغلظ منی۔ دافع سوزش غشائے مخاطی گلا وبول۔ مخرج صفرا وحرارت ہے۔ ضعف دماغ ونسیان والوں کو استعمال کرائی جاتی ہے سرعت نازال کے مریضوں کو استعمال کرانے سے غایت فائدہ ہوتا ہے۔ سوزاک منی کی جلن گرمی کے لئے بہترین چیز ہے۔ مسمن بدن ہے۔ سفوف شیر افزا و دافع سوزاک۔ ہوالشافی: تخم تالمکھانہ۔ تخم مولی۔ تخم خربوزہ۔ زیرہ سفید۔ ستاور۔ بہمن سفید ہر ایک برابر وزن سفوف بنالیں۔ 6 ماشہ ہمراہ دودھ۔ اعصابی غدی ہے رطوبتا کا شدید ادرار کرتا ہے خاس کر دودھ کی مقدار میں اضافہ کرتا ہے۔ مسمن بدن کمزور نہیں ہونے دیتا۔ نئے پرانے سوزاک کے لئے شرطیہ دوا ہے تقطیر بول ایک دو خوراکوں سے ہی دور ہوجاتے ہیں۔

## (48) سقمونیا

۔محمودہ، Scammons۔ اعصابی غدی ہے۔ شدید مسہل اعصاب ہے۔ ایک عصارہ ہے۔ مخرش امعا۔ قاتل کرم شکم۔ کھانے وحمولا مسقط جنین۔ جالی ومحلل۔ رقیق دست لاتا ہے۔ استسقا ویرقان اصفر میں قابل ذکر چیز ہے۔ دوتین دن میں پیٹ کا سارا پانی نکال دیتی ہے۔ اصلی پانی میں حل ہوجاتا ہے۔ معمولی دباؤ سے ٹوٹ جاتی ہے۔ شدید مخرج صفرا ہے۔ القانون ی الطب میں لکھا ہے کہ ’’یفزع الی السقمونیا فی الامراض الصفراویة‘‘ کہ سقمونیا امراض صفراوی میں فائدہ کرتی ہے (القانون فی الطب فی فصل سوء القنیة (544/1 الحاوی میں ہے ’’السقمونیا یسھل الصفراء‘‘ کہ سقمونیا صفرا کا مسہل ہے (الحاوی فی الطب باب الادویة المفردة 331/2) اس کی قوت تیس سے چالیس سال تک بھی دیکھی گئی ہے (الحاوی۔ باب قوانین الصیدلة 20/7) وقد نری السقمونیا عیاناً ینفع اصحاب الیرقان۔ کہ ہم نے سقمونیا یرقان والوں کے لئے عجیب نفع دیکھا ہے (الحاوی)

## (49) سمندر سوکھ

۔ رائی کی جسامت کے چیکنے والے دانے۔ اعصابی غدی ہے۔ مسّن قلب۔ مغلظ منی۔ دافع سوزش غدی۔ وسرعت انزال۔ پیشاب بعیر جن کے لاتا ہے

## (50) سنبھالو

۔۔ اعصابی غدی ہے۔ خون میں کھاری اثرات بڑھا کر رطوبات میں اضافہ کرتا ہے سوزش رحم وامعاء میں بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔ عسر طمث میں بھی کام لیتے ہیں پیٹ درد آؤں آنا بار بار حاجت پاخانہ ہونا ختم ہوجاتی ہے۔

## (51) سنگ یہود

۔ حجر الیہود۔ Jews Stone۔ بیر کی طرح لمبوترا پتھر ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مدر بول۔ مخرج سنگ گردہ ومثانہ۔ دافع درد گردہ۔ جمے ہوئے خون کا مخرج ہے۔ اس سے کھار پیدا ہوتی ہے پیشاب کثرت سے آنے لگتا ہے اگر کہیں خون جم گیا ہو تو اس میں رطوبتیں شامل کر کے رقیق کر کے خارج کرتا ہے۔ ریح گردہ درد گردہ فوراً ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

## (53) سونف

۔ راز پانج۔ بادیان۔ Fennr Fruit۔ کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ اعصابی غدی ہے۔ ہاضم۔ مخرج صفر۔ مدر بول۔ دافع عسر طمث۔ مخرج ریاح، مولد شیر، دافع پیچس۔ چبانے سے منہ کی خشونت کو دور کرتی ہے۔ درد شکم سوزش معدہ وامعاء میں بے حد مفید ہے۔ ہاضم نسخوں کا جزو اعظم ہے۔ اس کا عرق شربت وغیرہ بنائے جاتے ہیں اس کے کھانے سے نگاہ تیز ہوجاتی ہے۔ اس کا عرق منہ آنکھوں کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ سونف کے چاول۔ دھنیا۔ الائچی وغیرہ کھانے سے سر درد نگاہ کی کمزوری دور ہوجاتے ہیں سر کا بوجھ کم ہوجاتا ہے۔ سالوں سے طب جدید وقدیم میں اسے ضعف نظر کے لئے استعمال کیا جاتا ہے (تاج العقاقیر ہندستانی جڑی بوٹیاں 197/1)

## (54) سنبھل

۔ Slik Cotton Tree، مشہور درخت ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ اس کی روئی گدوں رضائیوں میں بھری جاتی ہے اس کے دو سال کے پودے کی جڑ جسے موصلی سنبل کہتے ہیں دواً مستعمل ہے۔ اس کے گوند کو موچرس کہا جاتا ہے۔ اعصاب میں تحریک غدد میں تحلیل عضلات میں تسکین پیدا کرتا ہے انتہائی بلغم ورطوبت پیدا کرتا ہے مولد منی ممسک کے طور پر معروف ہے مقوی باہ ادویہ کا حصہ ہے، جریان خون کو بند کرتی ہے۔ تاج العقاقیر 824)

## (55)۔ شریفہ

۔ سیتا پھل۔ Custard Apple۔ اعصابی غدی ہے۔ مسمن بدن، مدر بول، مولد شیر دیر ہضم، قاطٔ صفراء ہے۔ جن لوگوں کو کدو دانوں میں شکایت ہوتی ہے انہیں استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس کے زیادہ استعمال سے پیٹ میں گڑ گڑ ہونے لگتی ہے نفخ پیدا ہوجاتا ہے۔ اگر کسی کو صفراوی تکالیف ہوں تو فوراً رک جاتی ہیں۔

## (56) شہد۔

عسل۔ انگبین۔ Honey۔ محلل۔ مقوی۔ مولد رطوبات عزیزی۔ مسمن بدن، دافع تعفن۔ ملین، ہاضم۔ مخرج غلیظ بلغم۔ مخرج صفرا۔ محرک اعصاب۔ اعصابی غدی ہے۔ قران کریم نے اس بارہ میں فیہ شفاء اللناس کہا ہے یعنی لوگوں کے لئے اس میں شفا ہے۔ دائیں فالج کے لئے آبحیات سے کم نہیں ہے، جو معجونات مربہ جات شہد میں بنائے جاتے ہیں وہ مہینوں خراب نہیں ہوتے گوشت تین ماہ تک خراب نہیں۔ فراعنہ مصر اپنی ممیوں کو شہد میں محفوظ کیا کرتے تھے۔



## (57) شیشم

۔ٹاہلی۔ Dabergia Sisso۔ اعصابی غدی ہے۔ مغلظ منی۔ فاتح سفرا۔ مسکن غدی اورام۔ پتوں کے جوشاندہ سے سر دھونا بالوں کو لمبا کرتا ہے۔ اس کے جوشاندہ دھارنے سے پستان کنج ران پلکوں کے ورم تحلیل ہوجاتے ہیں۔ جنون کے مریض کو اس کی کونپلیں کھلانا بے حد مفید ہے۔ سرعت کے مریض بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ امراض گرما میں شیشم سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔

## (58) کنوچہ

۔مرو۔ S,Spinosa موٹھ سے زرا چھوٹے تکونے بیج ہوتے ہیں۔ اعصابی غدی ہے۔ مغلظ منی۔ مسکن، محلل اورام صلبیہ۔ ملین۔ ایسے مریضوں کو جو غدی تحریک سے قوت امساک کھو چکے ہوں کے لئے مفید ہے۔ غدی چھپا کی کو منٹوں میں روک دیتا ہے۔



## (59) کنول

۔ Lotus۔ پانی میں پیدا ہونے والا پودا ہے رات کے وقت پھول کھلتا اور دن کو مرجھا جاتا ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ صفراوی قے کے لئے اس کے مغز کو رگڑ کر پلانا مفید ہے، بواسیر کے مریض کو اس کے پتوں کا پانی پلانا مفید ہے۔ جدید تحقیقات کے مطابق کنول گٹہ میں اجزائے لحمیہ۔ شحم، نشاستہ جات، کیلشیم، فولا اور اسکاربک ایسڈ پائے جاتے ہیں۔ کہتے ہیں جو بخار کسی دوا سے نہ جائے وہ اس سے چلا جاتا ہے (تاج 1105/1)

## (60) کہربا

۔مصباح الروم۔ کہربا شمعی۔ Amber Sugonum اعصابی غدی ہے۔ ایک درخت کا ٹپکا ہوا رس ہے۔ حابس الدم۔ رادع مواد۔ مفرح قلب۔ مقوی اعصاب۔ اخراج خون کو منٹوں میں بند کردیتا ہے۔ حاملہ اگر اپنے پاس رکھے تو اسقاط سے محفوظ رہتی ہے۔

## (61) گاجر

۔گذر۔ Carrot۔ اعصابی غدی، مفرح قلب۔ مسمن بدن۔ محرک و مقوی اعصاب۔ مدر بول۔ اس کے مربہ و حلوہ جات بنائے جاتے ہیں۔ بہترین سبزی ہے۔

## (62) گل ٹیسو

۔کیسو کے پھول۔ ڈھاک کے پھول۔ اعصابی غدی ہے اس کے گوند کو چینیا گوند۔ تخم کو پلاس کہتے ہیں۔ مدر بول۔ محلل غدی سوزش و غشائے مخاطی، مسکن۔ عسر طمث جوڑوں کی سوزش میں اس کے جواشاندہ مین بٹھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ غدی سوزش کو نافع ہے۔

## (63) گل داؤدی

۔باسوم۔ Chry Sanihemum۔ اعصابی غدی ہے۔ اس ج ء جڑ درد کمر میں بہت فائدہ کرتی ہے۔ باقی کیسو کے فوایدرکھتا ہے۔

## (64) گل دھاوا

۔۔دھائے کے پھول۔ Flori Bunda۔ جھاڑی دار پودے کے پھول ہیں۔ اعصابی غدی ہے۔ مبرد و مرطب۔ قابض ہیا سہال مروڑ کثرت حیض کو فوراً روکتے ہیں، خروج مقعد کے مریضوں کو اس کے جوشاندہ میں بٹھاتے ہیں۔

## (65) گل سیوطی

۔نسرین۔ گل مشکین۔ China Rose۔ اعصابی غدی ہے۔ مفرح قلب، مقوی اعصاب۔ محلل سوزش غدد ہے۔ گلاب کی طرح اس کی گلقند بناتے ہیں۔ خفقان کے مریضوں کے لئے بہترین چیز ہے تقویت اعصاب مفرح قلب ہے۔

## (66) گندنا۔

کراث، پوگاٹ، کالوج، پیازی۔ Leek Onin۔ پیاز کے پتوں کے مشابہ ہوتا ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ محلل، مسکن، ملین، مدر بول، مخرج بلغم ہے۔ پیشاب کھول کرلاتا ہے۔ بواسیری مسوں کو اس کی دھونی بھی دی جاتی ہے، کیمیاوی طور پر اس میں شدید کھار پائی جاتی ہے۔ پٹھوں کے اکڑاؤ۔ ہیجان۔ معدہ کا کھچاؤ وغیرہ میں مفید ہے۔ چھپا کی میں کام دے سکتا ہے۔ اس کے بیجوں میں تیل ہوتا ہے جس کے اثرات زیادہ ہوتے ہیں (تاج لعقاقیر 863) اس کے پتوں کا پانی کان میں نچوڑنے سے کان درد میں مفید ہے مدر بول ہے بواسیر میں نافع ہے کیونکہ وقتی طور پر خون بہنے کو روک دیتا ہے (الحاوی فی الطب 371/1) سردیوں میں پیدا ہونے والی جسمانی خشکی سے حفاظت کرتا ہے۔

## (67) گوشت دنبہ

۔لحم الکبش، گوشت گوسفند۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ کثیر الغذاء۔ مسمن بدن۔ دیر ہضم۔ ملطف ہے۔ جنہیں چربی کی کمی ہو خشکی کی زیادتی ہو ان کے لئے تحفہ ہے۔ تمام جانوروں کے گوشت سے تری و رطوبت پیدا کرنے میں سب سے بڑھ کر ہے۔

## (68) گوکھرو

۔خسک۔ خارسک، بکھڑہ۔ اخراس العجوز۔ Small Caltrops۔ خاردار مفرش بوٹی ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ اس کی 2 قسمیں ہیں۔ شدید کھار ہے جس کی وجہ سے فوراً ادرار بول کرتا ہے، بندش بول تقطیر بول، سوزاک غدی سوزش کو فوراً ختم کر دیتا ہے، دشمول کی دس دواؤں میں شامل ہے۔ گردہ و مثانہ کی پتھریوں کو خارج کرتا ہے۔

## (69)۔ گوندنی

۔گوندی۔ Delil۔ اعصابی غدی ہے۔ ملین صدر۔ ملطف مخرج صفرا۔ مغلظ منی، نافع قلاع صفراوی ہے۔ جلن دار کھانسی و سینہ کی خشونت میں نافع ہے۔ اس کے پھلوں سے کھانسی کا دورہ موقوف ہو جاتا ہے۔

## (70) گھی

۔روغن زرد۔ اعصابی غدی ہے۔ دافع تعفن ملین، مرطب وملطف، ن بدن، س اورام، ن دردریاں موم۔ م وتری ورن پہنچاتا ہے۔ اسوں معدہ پھیپھڑوں کے خشکی کیلئے عام استعمال کیا جاتا ہے۔ مغز بادام چینی گھی ملا کر کھانے سے تپ دق کے مریض ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ جنہیں نعمت میسر ہے وہ خوش نصیب ہیں گھی دودھ کا مان ہی بہت ہوتا ہے۔ پہلے لوگ جب تک گھی استعمال کرتے رہے بیماریوں سے محفوظ رہے۔ جب چھوڑا تو بیماریوں نے آگھیرا۔

## (71) لاجونتی

۔چھوئی موئی۔ شرم بوٹی۔ شجر الحیاء۔ Hllmble Plant۔ اعصابی غدی۔ مصفی خون۔ مسکن صفرا وخون، مانع اخراج خون مغلظ منی ہے۔ تازہ بلڈ پریشر اور دباؤ خون کے لئے۔ بہترین ہے۔ مثلاً خونی قے، خونی دست، چھپاکی، کثرت طمث۔ پھوڑے پھنسوں کو تحلیل اور زخموں کو بند کرنے کے لئے لاجونتی اعلی درجے کی دوا ہے۔ مغلظ منی ہونے کی وجہ سے سرعت انزال کے لئے بہترین دوا ہے۔ منی شہد کی طرح گاڑھی ہوجاتی ہے۔

## (72) لوبان

۔عصی لبان۔ عصارہ ضرو۔ حسن لبہ۔ Benzoan اعصابی غدی ہے۔ محلل سوزش غدد عضلاتی مسکن ہے خون سے صفرا کم کر کے بلغم کا اضافہ کرتا ہے۔ سوزاک، تقطیر بول، پیشاب کی جلن۔ سوزش غدائے مخاطی کو دور کرتا ہے۔ جلن دور کرتا ہے اس لئے ابٹنوں میں ڈالتے ہیں۔ بخار کی حرارت کو کم کرتا ہے۔ اس کا بخور دم کشی کو روکتا ہے۔ دائیں طرف کے فالج میں مفید ہے۔ ایک آدمی نے حضرت علیؓ سے نسیان کی شکایت کی تو آپؓ نے فرمایا ''لوبان کو کھاؤ یہ تمہارے دل میں شجاعت پیدا کرے گا اور نسیان کو دور کرے گا (الطب النبویہ ابی نعیم 410/1)

## (73) مشک

۔مشک۔ Musk۔ کستوری۔ ہرن کی ناف سے نکلتی ہے۔ مفرح قلب۔ محرک دماغ، مقوی حواس خمسہ ظاہری وباطنی۔ دافع تشنج۔ معین حمل۔ ملذز ہے۔

## (74) مشکدانہ

۔لتا کستوری۔ Musk Seeds۔ مسر کے دانہ کے برابر تخم ہیں اعصابی غدی ہیں۔ مسکن دافع تشنج، کاسر ریاح۔ آنکھوں کی صفائی کے لئے اسے کھرل کر کے آنکھوں میں لگاتے ہیں۔ سوزاک کے مریضوں کے لئے اعلی درجہ کی دوا ہے۔۔

Https//www.tibb4all.com

## (75) ملٹھی

۔اصل السوس۔ بیخ مہک۔ Liquorice۔ ایک مفرش بوٹی کی جڑ ہے۔ اعصابی غدی ہے، ملین ملطف، مرطب، مقوی اعصاب۔ مدر بول، مخرج بلغم غلیظ وصفراء۔ مقئی محلل ہے۔ سینہ پھیپھڑہ کی سوزش وخشونت کو دور کرتی ہے، سینہ کو بلغم سے صاف کرتی ہے۔ پیشاب میں دقت تقطیر بول، سوزاک۔ قروح احلیل کو تحلیل کرنے کی بہترین دوا ہے پیشاب کھول کرلاتی ہے۔ آنکھوں کی زردی یرقان کو دور کرتی ہے۔ اس کا جوشاندہ پلانے سے سینہ صاف ہوتا ہے دست آ کر پیٹ صاف ہوجاتا ہے۔۔ کھانسی و دردوں کو آرام پہنچانے والی ہے۔ گلے کی سوجن کو فائدہ دیتی ہے۔ (تاج العقاقیر ہندستان کی جڑی بوٹیاں 237/1)

## (76)موصلی

۔موصلی سپید۔ اعصابی غدی ہے ۔ جڑ مستعمل ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مقوی دماغ واعصاب ہے۔ مسمن بدن، مغلظ منی، دافع سرعت انزال ہے، دودھ کے ساتھ کھانا چند دن میں منی کوشہد کی طرح گاڑھا کردیتی ہے۔۔

## (77)مولی

۔فجل ۔ترب۔ Radish ۔ اعصابی غدی مشہور سبزی ہے۔ دافع سوزش غدد۔ مولد رطوبات۔ محرک ومقوی اعصاب ہے۔ مخرج صفراء، داف یرقان، دافع سوزش گردہ و مثانہ۔ مدر بول، مخرج سنگ گردہ ومثانہ ہے۔ جگر کے سدوں کودور کرتی ہے جودرد پتہ کا سبب بن رہے ہوں۔ اس کا نمک بھی بنایا جاتا ہے۔ اس سے پیشاب کھل کرآنے لگتا ہے سوزش احلیل ختم ہوکرسوزاک تک کوآرام دیتی ہے۔

## (78)۔موم۔شمع

۔Wex ۔شہد کے چھتے سے الگ کرتے ہیں۔ اعصابی غدی ہے۔ محلل اورام ہونے کی وجہ سے سخت اورام پر باندھتے ہیں۔ اس کا روغن کشید کرکے فالج لقوی دردوں کوتسکین دینے کے لئے مالش کرتے ہیں۔ کئی مرہموں میں شامل کرتے ہیں۔ اکلا معدہ کے درد کودور کرتا ہے۔



## (79)ناخونہ

اکلیل الملک۔ رگیاہ۔ Coumarin ۔ایک بوٹی کی پھلیاں ہیں جوناخن کے برابر ہوتی ہیں۔ اعصابی غدی ہے۔ مسکن درد، مدر بول۔ سوزش انثین حرقت بول کودرست کرتی ہیں۔

## (80)۔ناشپاتی

۔کمثری، ناکھاں۔ Petars ۔اعصابی غدی ہے مفرح حدت جگر کوکم کرنے والی ہے بخاروں کوکم کرتی ہے۔

## (81)۔ناگرموتھا

۔سعدکوفی۔ مشک زیرزمین۔ ڈیلہ۔ C,Pertenius پانی کے مقام پر ہونے والی گرہ دار جڑ ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مفرح قلب مقوی دماغ۔ مولد شیر قابض عرق آور غدی تحریک سے ہونے والے نسیان کے لئے بہترین چیز ہے۔ بچھو کاٹے پرلگانے سے آرام آجاتا ہے۔

## (82)ناگ کیسر

۔نارمشک۔ Mesua Ferrea ۔ایک درخت کی کلیاں ہوتی ہیں۔ اعصابی غدی ہے۔ مفرح قلب، دافع زہرناگ، دافع خشونت، تریاق چھپاکی۔ مالیخولیا جنون میں فائدہ دیتی ہیں۔ بواسیر کے خون کوبند کرتی ہیں۔

## (83)ہاتھا جوڑی

، بخور مریم۔ پنجہ مریم۔ Helio Trope ۔ایک گھاس کی جڑ ہے۔ اعصابی غدی ہے۔ مدر بول، عرق آور، مخرج صفرا، مخرج جنین ہے۔ پیشاب کھول کرلاتی ہے۔ یرقان اصفر کے لئے بہترین دوا ہے۔ رطوبات کوبراہ پسینہ خارج کرتی ہے۔ زچگی کے وقت اسے ہاتھ میں لینے سے بچہ باہر آجاتا ہے۔ اسے مخرج جنین بھی کہتے ہیں۔ مجھے ایک حاجی صاحب نے مکہ شریف سے لاکردی تھی۔

## اس سے آگے اعصابی عضلاتی حصہ شروع ہوتا ہے۔

### (84) بچھناک۔

بیش، خانق الذئب۔ مٹھا تیلیہ۔ ایکونائٹ Aconite۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ خون میں بے شمار رطوبات پیدا کرتا ہے منہ اور گلے سے بہنا شروع ہوجاتی ہیں۔ گلا و زبان بے حس ہوجاتے ہیں، ناک میں لگانے سے چھینکیں آنا شروع ہوجاتی ہیں، اگر درد و تپش کی جگہ پر لیپ کیا جائے تو جگہ کو سن کر دیتا ہے، بیرونی طور پر مالش کرنے سے دردوں کو نافع ہے۔ سخت قسم کے زخموں کے سخت کناروں پر لگانے سے نرم ہوجاتے ہیں، جوش خون کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ انتہائی گرمی۔ جلن بخار کو کم کر دیتا ہے پیشاب کی جلن اور یرقان بہت جلد دور ہوجاتے ہیں۔ ایک نسخہ اکسیر اوجاع کا نسخہ حاضر خدمت ہے۔ ہوالشافی: بیش 3 ماشہ۔ میٹھا سوڈا 3 تولے۔ سرنجاں شیریں 4 تولے باریک کرلیں ڈیڑھ سے دو رتی خوراک۔ مندرجہ بالا فوائد کے لئے بے ضرور چیز ہے۔ درد اعضاء۔ پٹھوں کے درد میں مفید ہے۔ ایک نسخہ درج ذیل ہے جو اعصاب کو بیدار کرتا ہے۔ ہوالشافی: مٹھا تیلیہ۔ مرچ سیاہ۔ سنڈھ، کالی مرچ جاوتری الائچی سبز جائفل ہر ایک برابر وزن لیکر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالیں ایک سے دو گولیاں عرق سونف یا پانی سے دیں۔ ریاحی دردیں یا کسی انگ کے مارے جانے یعنی بے حس ہوجانے میں مفید ہیں (تاج 981)

### (85)۔ برہمی بوٹی

۔Asiatic Panywort۔ اعصابی عضلاتی ہے، مرطوب مقامات پر پیدا ہوتی ہے۔ اس کے پتے گول روپیہ کے برابر گھوڑے کے سم جیسے ہوتے ہیں شاخیں پتلی ہر شاخ پر ایک پتہ ہوتا ہے شاخ کا رنگ سرخ ہوتا ہے پتے سبز۔ شاخ کا ذائقہ گاجر کے پتوں کی طرح تلخ کسیلا ہوتا ہے جب کہ پھول باریک زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ ندی نالوں نمناک مقامات پر عام پائی جاتی ہے۔ عقل کو بڑھاتی ہے (تاج العقاقیر ہندستانی جڑی بوٹیاں 82/1)۔ ضعف بصارت دردسر کے لئے بہترین چیز ہے۔ اس کے ساتھ دودھ کا استعمال زیادہ کرانا چاہئے۔

### (86) بوٹی فرید

۔ جامنی کی بیل۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ پھوڑے پھنسیوں میں جب آگ سی لگے جلن بہت ہو تو لگانے سے فورا فائدہ ہوتا ہے۔ ہڈی ٹوٹ جانے پر اس کا پلستر چڑھایا جاتا ہے۔ (تاج العقاقیر 971)

### (87) بہدانہ

۔ حب السفرجل۔ تخم بہی۔ Quince Seeds۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ غدی امراض میں مانی ہوئی دوا ہے۔ پیچس امعاء خشک کھانسی گلے کی خشونت زبان کی خشکی میں بے حد مفید ہے۔ پیاس بجھاتا ہے سرفہ یرقان نفث الدم کو فورا روکتا ہے۔ شربت اعجاز کا جزو اعظم ہے۔

### (88) بید مشک

۔ خلاف بلخی۔ Sallow اس کی قسمیں ہیں۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ کیمیوی طور پر خون میں رطوبت صالح بڑھاتا ہے صفراوی بخاروں میں کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ سردرد صفراوی مفید ہے۔

## (89) پاکر



۔رون۔ F,Infectoria۔ بڑا سایہ دار درخت ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ مولد بلغم ہے رطوبات کا اضاہ کرتا ہے معدہ میں خراش کر کے قے کا سنبب بنتا ہے۔ صفرا کو کم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں مثلاٍ ہاتھ پاؤں کی جلن پیشاب کا جل کر آنا وغیرہ میں بکثرت استعمال کرتے ہیں۔ نازک شاخوں کا سالن بھی بنا کر کھایا جاتا ہے۔

## (99) پوئی

۔روکھٹو بوٹی۔ اعصابی عضلاتی ہے ایک بیل ہے جو گھروں میں عام بوئی جاتی ہے۔ انتہائی سرد تر ہے اعصاب کو خشک کر دیتی ہے مخدر و منوم صورت پیدا کر دیتی ہے۔ پھوڑے پھنسیوں کے دردوں میں پلٹس بنا کر باندھتے ہیں اس کے پتوں میں لعاب دار مادہ زیادہ پایا جاتا ہے۔ سوزاک پیچس تقطیر البول میں مفید ہے۔

## (100) پھوٹ

۔پھٹ۔ قثاء البر۔ Rubescent Cucumber۔ خربوزہ کی مانند ایک پھل ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ مفرح، ملین، مولد بلغم، نفاح ہے۔ اس میں غذایت برائے نام ہے بھوک بند کرتا، نفاح ہے۔ دوا میں زیادہ استعمال نہیں جاتا ہے۔

## (101) تخم بالنگو

۔Lallemantia Roy Leanum۔ اعصابی عضلاتی ہیں۔ مدر بول۔ دافع حرارت وصفرا۔ ملین ہیں۔ اسے بھگونے سے فوراً لعاب چھوٹ دیتا ہے لذیذ انتہائی سرد ہوتا ہے۔ دل کی گھبراہٹ۔ سوزش معدہ وامعا میں مفید ہے گردوں وآنتوں کے زخم بہت جلد اچھے ہوجاتے ہیں۔ اگر پیپ بھی آتی ہو تو بہت جلد ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ لیکن زیادہ استعمال سے بھوک بند کر دیتا ہے۔ غدی بخاروں میں اس کا لعاب دیا جاتا ہے۔ غشائے مخاطی میں جہاں بھی سوزش ہو دور کر دیتا ہے۔ سوزشی نزلہ خناق حلق کی سوزش کو دور کر دیتا ہے۔ یہ کئی مرکبات کا جز واعظم ہے۔ مثلاً شربت گاؤزبان کا نسخہ حاضر خدمت ہے۔ ہوالشافی: گاؤزبان 6 تولے۔ گل گاؤزبان 3 تولے۔ بادرنجبویہ ڈیڑھ تولے۔ برادہ صندل سرخ۔ گل سرخ۔ تخم بالنگو ہر ایک تولہ تولہ عرق گلاب 1 سیر۔ تمام ادویہ کو عرق میں بھگودیں صبح جوش دیکر جب نصف رہ جائے تو چھان کر چینی ڈال کر قوام بنالیں۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ مقوی دماغ۔ مفرح قلب۔ غشی وخفقان کے لئے اعلی چیز ہے۔

Https//www.tibb4all.com

## (102) تربوز

۔بطیخ۔ ہندوانہ۔ Water malon مشہور چیز ہے، اعصابی عضلاتی ہے۔ مبرد ومسکن دافع پیاس مخرج حرارت وصفرا مدر بول ملین طبع ہے۔ گھبراہٹ وبے چینی کو فائدہ دیتا ہے تپ صفراوی سوزش بول سوزاک یرقان اسہال صفراوی میں مفید ہے۔ اس کے ساتھ چاول وغیرہ نہ کھائیں کیونکہ ہیضہ بن سکتا ہے۔ خشک کھانسی جلن دار کھانسی وغیرہ میں اعلی چیز ہے

## (103) تر ککڑی

کے بیج۔ بزرالبطیخ۔ اعصابی عضلاتی ہیں۔ مبرد۔ مرطب، مسمن بدن، مسکن صفرا وخون، مدر بول ہیں چہار مغز میں شامل ہیں۔

## (104)۔توری

قیثا ہندی۔ شاہ توری۔ L,Auctarylila. ۔ بیل دار چیز ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ مسلن حرارت وصفرا ہے ملین ومخرج رطوبات ہے۔ بدن کی زردی دور کرتی ہے گردوں کے افعال درست کر کے پیشاب کھول کراتی ہے سوزش وجلن کو دور کرتی ہ۔ گرم مزاج والوں کے لئے بہترین چیز ہے۔ تمام اعصابی سبزیوں میں مرچ مصالحہ اور کالی مرچ کا استعمال کریں۔

## (105)ٹینڈے

۔Round Cucmber۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ گیس کا سبب بنتے ہیں اس کے ساتھ صلاد کا استعمال بہترین رہتا ہے۔ سوزاک سینہ کی جلن پیشاب جلن دور کرتی ہے، سل د کے لئے بہترین غذا ہے۔

## (106)جوار

۔ چری۔ ذرہ۔ Maize۔ مشہور غلہ ہے اسکی کئی قسمیں ہیں سفید سرخ وغیرہ۔ سفید اعصابی عضلاتی ہے۔ سرخ عضلاتی اعصابی ہے۔ اس کا حریرہ سونف کے ساتھ کھانے سے عورتوں کے دودھ میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کا چارہ گائے بھینسوں کے دودھ میں اضافہ کرتا ہے۔ اس کی روٹی کھانے سے پرانے دست بند ہوجاتے ہیں۔ اس کے پتوں کو کوٹ کر تیل ملا کر باندھنے سے پیٹ درد دور ہوجاتا ہے۔ جوار کی جڑ بھنگ وغیرہ نشہ آور اشیاء کے نشہ تیز کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ بھنگ دھتورہ گانجے کے نشہ کو دوآتشہ کرنے کے لئے اس کی جڑ کو بھی ساتھ میں استعمال کرتے ہیں تاکہ ان کا نشہ دوبالا ہوجائے۔ غیر سمی ہے۔

## (107)جوکھار

۔ نظرون۔ Carbonat Of Potash۔ ایک مصنوعی نمک ہے ذائقہ کھاری۔ جاذب نمی ہے۔ معروف طریقے سے جو کے پودے کو جلا کر حاصل کیا جاتا ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے خون میں رطوبات بڑھا کر خشکی کا خاتمہ کرتا ہے۔ مدر بول۔ مخرج سنگ گردہ ومثانہ۔ مولد ومخرج رطوبات رقیقہ وصفرا۔ ملین ہے۔ سوزاک ورم مثانہ وگردہ کو ختم کرتا ہے۔ معدہ وامعا کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ زیادہ مقدار میں استعمال سے اسہال شورع ہوسکتے ہیں۔ ضعف قلب پیدا ہوسکتا ہے۔۔ اعصابی عضلاتی نسخہ جات کا جزو اعظم ہے۔ شنگ شکن ہے۔

## (108)چاول

ارز۔ برنج۔ Rice ۔ مشہور غلہ ہے۔ گہوں کے بعد سب سے زیادہ کھایا جانے والا غلہ ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ غدی مریضوں کے لئے اعلی چیز ہے۔ زود ہضم بہترین غذا ہے۔ اس کا آٹا چہرے پر ملنے سے نکھار پیدا ہوتا ہے۔ بدن کو موٹا تازہ بناتا ہے۔ البتہ رطوبات کی کثرت کی صورت میں چاول کا استعمال ممنوع ہے۔ بلغم کی زیادتی کرتا ہے پیشاب کھول کرلاتا ہے۔ اس کا آٹا کسٹرڈ فیرنی وغیرہ بنانے کا کام آتا ہے۔۔

## (109)چقندر

سلق۔ Bwwt Root ۔ اس کی دو قسمیں مشہور ہیں۔ شیریں اعصابی عضلاتی ہوتا ہے۔ مولد ریاح کثیر الغذا ء ہے اس سے چینی بھی تیار کی جاتی ہے۔ اس کی شوریت ہوتی ہے اس لئے دست آور ہے۔ اگر اس کے پانی میں شراب ملا دی جائے تو فوراً سرکہ بن جاتی ہے۔ سر دھونے سے جوئیں نہیں پڑتیں۔ بہق۔ کلف نمش کو مفید ہے۔

## (110) چنبیلی

۔ یاسمین۔ Jasmine۔ مشہور جھاڑی کا پھول ہے۔ اس کے دو رنگ ہوتے ہیں۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ اس کی جڑ دواً استعمال کی جاتی ہے۔ مسکن درد۔ مفرح قلب۔ مسمن بدن۔ مسمن ذکر۔ مخرج وقاتل دیدان معدہ وامعاء۔ مانع ادرار حیض۔ دانتوں منہ آنے مسوڑھوں کے لئے نافع ہے۔ جسم میں رطوبات کا بے پناہ اضافہ کر دیتی ہے۔ جس کی وجہ سے جسم سے کہیں بھی خون جاری ہو فوراً روک دیتی ہے۔ ضبط تولید کے لئے مصری یہودی حکیم ابن الجمعی نے ملاپ سے پہلے عضو پر چنبیلی کا تیل لگانے کا مشورہ دیا ہے جو کہ طب جدید کے عین مطابق ہے اس مقصد کے لئے کامیاب دوا ہے۔ تاج العقاقیر ہندستانی جڑی بوٹیاں 163/1)

## (111) چندن سفید

۔ صندل سفید۔ White Sandal Wood، ایک خوشبودار درخت کا برادہ ہے سرخ وسفید دو قسم کا ہوتا ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے، مفرح قلب، محرک دماغ، مکرج صفراء و حرارت۔ رادع ومسکن ہے گرمیوں میں اس کا شربت مشہور ہے جو فوراً تسکین دیتا ہے۔ جلن دار مقامات پر لیپ کرنے سے تسکین ملتی ہے۔ اس کا تیل اندرونی و بیرونی سوزش کو دور کرنے کے لئے مجرب ہے، خونی پیچس دست تقطیر بول میں اچھی چیز ہے۔ اس کا روغن کانوں کی جھائیں جھائیں مختلف آوازوں کو فوراً روک دیتا ہے۔ ایک مرکب منوم حاضر خدمت ہے: ہوالشافی۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک، چھوٹی چندن۔ کالی مرچ، ہر ایک ہم وزن لیکر سفوف بنالیں 4 رتی سے ایک ماشہ تک دن میں 4 بار پانی یا دودھ کے ساتھ۔ فوراً نیند لاتا ہے جو کئی کئی دنوں سے نیند سے کوسوں دور ہوں ان کے لئے ایک نعمت ہے۔ نشہ سے مبرا سفوف ہے۔ اسے بلڈ پریشر ہائی میں استعمال کریں ہتھلی پر سرسوں جمتا ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔

## (112) خبازی

۔ شوال۔ نان کلاغ۔ Common Mallow۔ راستوں اور جنگلوں میں ہر جگہ موجود ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ تخم رادع، مزلق ومغری ہیں مولد رطوبات۔ آنتوں مثانے کے زخموں کو نافع ہے۔ پیشاب کی جلن سوزش کو مفید ہے۔ صفراوی کھانسی میں اس کا جوشاندہ معروف چیز ہے۔ سینہ کی جلن دور کرتی ہے۔

## (113) دودھ

بکری۔ گائے۔ بھینس وغیرہ کا اکثر استعمال کیا جاتا ہے مزاج میں تر گرم ہے، جس جانور کا ہو اسی کے مطابق خواص رکھتا ہے جیسے بکری کا اعصابی غدی ہے۔ اعصاب میں تحریک جگر میں تحلیل اور عضلات میں تسکین پیدا کرتا ہے عضلاتی وغدی تحریک سے پیدا شدہ سوزش کے لئے بے حد مفید غذا ہے، تپ دق سل پیچس قبض، پیشاب نہ آنا خشکی جسم کے لئے مفید ہیئد مہ نزلہ۔ شوگر لو بلڈ پریشر سلسل بول کے لئے نقصان دہ ہے۔ گائے بھینس، بھیڑ، گدھی وغیرہ کا اعصابی عضلاتی ہوتا ہے

## (114) رانگ

Kushta Qalai
Complete Video

قلعی، رصاص ابیض، Tin۔ مشہور دھات ہے مولد رطوبات صالحہ۔ مغلظ منی، مسکن، مبرد، دافع سوزش غدد۔ ہے کشتہ کر کے کام میں لائی جاتی ہے۔ تقطیر البول، تنگی بول کے لئے فورالاثر ہے۔ مغلظ منی ہے عسر طمث سیلان الرحم میں کام دیتی ہے، شورہ قلمی میں آسانی سے کشتہ ہو جاتی ہے۔

## (115)روغن چنبیلی

۔اعصابی عضلاتی ہے۔ محرک دماغ مفرح قلب ہے۔اس کا روغن پینا وسونگھنا فوراً سلون کا باعث بنتا ہے، اس کا استعمال جلد بالوں کو سفید کردیتا ہے۔ کیمیاوی طور پر رطوبات میں اضافہ کرتا ہے۔

## (116)ساگوانہ

۔سابودانہ۔اعصابی عضلاتی ہین۔بطور غذا کھائے جاتے ہیں اس کی کھیر بہت لذیذ ہوتی ہے حرارت وصفراوی امراض میں کام لیا جاتا ہے، سینہ کی جلن معدہ وآنتوں کی سوزش میں کھلایا جاتا ہے، گردوں، آنتوں کے زخم بہت جدا چھے ہوجاتے ہیں۔خون پیپ آؤں آنے میں بہت مفید ہے۔

## (117)سپستان

۔دابق۔لسوڑا۔C.Latifolia۔مشہور پھل ہے۔چھوٹا بڑا دو قسم کا ہوتا ہے۔اعصابی عضلاتی ہے۔ملین صدر وحلق، منفث بلغم۔مزلق۔ملین طبع۔محلل غدد۔مسکن حرارت و صفرا۔حار کھانسی گرم نزلہ حلق وسینہ کی جلن وخشونت، ناک کی جلن میں لاجواب چیز ہے۔غدی زہروں کا تریاق ہے جمال گوٹہ کا اثر زائل کرتا ہے۔لعوق سپستان مشہور مرکب ہے۔شربت اعجاز کا جزو لازم ہے۔اس کا شربت بھی تیار کیا جاتا ہے جوکہ پیشاب کی جلن سینہ کی جلن، سیلان الرحم وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔امراض غدی وگرما میں بے دھڑک کام میں لائیں (تاج العقاقیر 880)

## (118)سردا

۔مشہور پھل ہے۔اعصابی عضلاتی ہے۔مولد رطوبات رقیقیہ۔مدر بول، مفرح قلب، دافع سوزش اعضائے رئیسہ ہے صفراوی وگرمی کے امراض میں تخفیف پیدا کرتا ہے۔گرمیوں میں شوق سے کھایا جاتا ہے۔

## (119)شکر تیغال

۔ایک کیڑا کا گھونسلہ ہے۔اعصابی عضلاتی ہے۔ملین صدر مسکن حرارت ہے۔ سینے کی خشکی دور کھانسی گلے کی خراش ہے۔

## (120)شکر سفید۔

اعصابی عضلاتی ہے۔گنے کے خواص گنے کے مطابق خواص رکھتی ہے۔اسی پر قیاس کرلو۔اس کے قوام میں شربت بنائے جاتے ہیں۔

## (121)قلمی شورہ

۔البقر۔ملح البادر۔Nitre۔اعصابی عضلاتی ہے۔شورہ زمین کے بخارات جوزمین پر نکل کر جم جاتے ہیں۔شدید اعصاب محرک مولد بلغم ورطوبت، دافع سوزش جگر غدد۔قاطع صفراء۔ورم جگر وطحال تہوج بدن کو ختم کردیتا ہے۔امراض گرما کا تریاق ہے۔

## (123)۔ کاسنی

۔ ہندبا Endin۔ مویشیوں کا مشہور چارا ہے اعصابی عضلاتی ہے۔ مفتح سدد۔ مدر بول، مسکن حرارت وصفرا، محلل اروام جگر۔ پتہ جگر طحال گردوں کے سدوں کو کھولتی ہے۔ خناق ورم گلہ اس کے پتوں کے غرورے کرنے سے دور ہو جاتے ہیں۔ شربت بزوری کا جزو اعظم ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کانسی پر ہر روز جنت (پانی) کے قطرات ٹپکتے ہیں۔ طب نبوی ابی نعیم 629/2)

## (124) کافور

۔ کپور۔ Camphar۔ اسے تصعید کی ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے۔ جلانے سے فورا جل اٹھتا ہے۔ تجزیہ کیمیاوی کچھ اس طرح ہے، کاربن 10 حصے۔ ہایئڈ روجن 16 حصے۔ آکسیجن 4 حصے۔ اس میں ایک قسم کا فراری روغن بھی ہوتا ہے۔ محرک دماغ، دافع تعفن، حابس وقابض، منوم، محلل جگر مسکن ہے مفرح قلب ہے۔ مسکن درد ہے۔ گرم بخاروں اور صفراوی بخاروں میں کام کی چیز ہے مولد رطوبات ہونے کی وجہ سے عورت کے دودھ میں اضافہ کرتی ہے، وبائی دنوں میں اس کی دھونی تعفن کو صاف کرتی ہے۔ کثرت ۔ استعمال نسیان پیدا ہوتا ہے۔

## (125) کا کنج

۔ پپوٹن۔ پنیر۔ عروس۔ Puneeria Coasulaud۔ مکو کی ایک قسم ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے مخد، مدر بول، مخرج سنگ گردہ ومثانہ ہے۔ مخدر و مدر بول ہے قروح گردہ و مثانہ۔ سنگ گردہ ومثانہ کو خارج کرتا ہے۔ خارجی طور پر ضماد اصلابت وغدی ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اس کا مشہور مرکب قرص کا کنج ہے۔

## (126) کالا دانہ

، حب النیل۔ تخم عشق پیچہ ۔ اعصابی عضلاتی ہے، مسہل، مقئی، مدر بول، مخرج صفراء۔ قاتل کرم شکم، مولد رطوبات۔ تیز ترین سرد ادویہ میں بہترین مسہل ہے استقائے زقی کو بے حد فائدہ بے حد فائدہ دیتا ہے۔ جسم میں جہاں کہیں بھی پانی جمع ہو جائے اسے خارج کرتا ہے۔

## (127) کائی

۔ طحلب۔ جغرابہ۔ کھڑے پانی پر جمتی ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ بیرونی طور پر رادع، مسکن اثر رکھتی ہے۔ اندرونی طور پر گرمی خشکی کے اثرات کا خاتمہ کرتی ہے۔

## (128) گوند کتیرا

۔ ضماد قتاد۔ Tracacantha۔۔ اعصابی عضلاتی ہے، ایک درخت کا گوند ہے، ملین مرطب مسکن ہے۔ بلغم کی پیدائش بڑھا کر صفرا کے اثرات کو کم کرتا ہے پیچس کے مریضوں کے لئے آبجیات ہے۔ اندرونی طور پر نفس الدم، خشونت صدر و حلق زخم پھیپھڑے، بحتہ الصوت میں بکری کے دودھ کے ساتھ کھلاتے ہیں۔ اس کے کھانے والے کو خونی قے نہیں آسکتی۔ ہماری ایک عزیزہ تھی جس کی اولاد نہ تھی انہوں نے ایک ماہ تک گوند کتیرا انہار منہ کھایا تو اللہ نے ان کی مراد پوری کردی تھی۔ معجونوں میں بھون کر استعمال کی جاتی ہے۔ جمال گوٹہ کے اسہالی اثرات کو دور کرنے کے لئے دہی کے ساتھ کھلاتے ہیں۔ لعوق سپستان کے جزو ہے (تاج 1116/1)

## (129) کدو

۔گھیا کدو White Courd ۔ مشہور سبزی ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ مبرد، مرطب، مسکن، مدر بول، ملین، مولد رطوبات۔ پھیپھڑوں کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ تیز بخار میں اس کی کاشیں کھانے سے بخار اتر جاتا ہے۔ اس کا حلوہ بھی بناتے ہیں۔ کدو رسول اللہ ﷺ کو بہت پسند تھا حدیث میں ہے کدو کھاؤ دماغ بڑھاؤ۔ انس کہتے ہیں جب سے میں دیکھا کہ رسولا اللہ ﷺ کدو کو شوق سے تناول فرماتے ہیں مجھے اس سے بہت زیادہ محبت پیدا ہوگئی (طب نبوی 622/2

## (130) ککڑی

۔قثاء۔ خیارزہ۔ تر۔ Yellow Cucumbeer Gherkin ۔مشہور چیز ہے گرمیوں میں پائی جاتی ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ مولد رطوبات۔ مخرج حرارت مدر بول مفرح قلب دافع جلن ہے۔ دل کی گھبراہٹ دور کرتی ہے سوزش معدہ وامعاء کو نافع ہے سوزش احلیل میں بہت اچھی ہوتی ہے یہ ایک شدید قسم کی کھار ہے اس سے غشائے مخاطی کے اورام ختم ہوجاتے ہیں۔

Https//www.tibb4all.com

## (131) کھیرا

۔قثاء۔ Cucumbeer ۔ اعصابی عضلاتی ہے شدید کھار ہے اس کے زیادہ کھانے سے اسہال آسکتے ہیں، گرمی والے بخار کو نافع ہے، پیشاب رک رک کر آئے تو فائدہ دیتا ہے۔ دست قے آتے ہوں تو کھیرا ممنوع ہے۔

## (132) گوند کیکر

۔صمغ عربی۔ ببول کا گوند۔ مشہور چیز ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ گلے کی خشونت کو دور کرتی ہے اندرونی معدہ آنتوں پھیپھڑوں کے زخموں میں نفع دیتی ہے مانع تپ دق ہے زچہ عورتوں کے رحم کی صفائی وقوت دینے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ شربت اعجاز کا جزو اعظم ہے۔

## (133) کیکڑہ

۔سرطان نہری۔ خرچنگ۔ Crab ۔ پانی کا کیڑا ہے اعصابی عضلاتی ہے۔ ملطف ۔ دیر ہاضم خشک کھانسی سینہ کی جلن و پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔ فلفل سیاہ وقدرے نمک سے ساتھ ابال کر پالا ناسل دق وکھانسی منہ سے خون آنے کو نافع ہے۔ حکماء شربتوں میں ایک جز کے طور پر پکا کر کھلاتے ہیں۔



## (134) کیوڑہ

،کاذی۔ قدر۔ اعصابی عضلاتی ہے ۔خوشبودار مفرح قلب مضّیق ۔حواس خمسہ کو تیز کرتا ہے۔ شدید محرقہ بخار چیچک، خسرہ وغیرہ میں استعمال کراتے ہیں۔ عرق کیوڑہ۔ شربت کیوڑہ مشہور مرکب ہیں۔ اس کا شافہ سوزش رحم کے وقت فائدہ دیتا ہے۔

Leaves
Flowers

## (135) گاؤزبان

۔لسان الثور، ۔ Echium ۔ایک نبات ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ محرک اعصاب۔ مولد بلغم، ملین، مرطب، ملطف ۔ مسکن معدہ وامعاء، مفرح۔ مدر بول ہے۔ نزلہ زکام سوزش معدہ وامعاء گلہ پھیپھڑہ میں کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ خمیرہ گاؤزبان خفقان کے لئے مشہور مرکب ہے۔

## (136) گڑھل

۔انفرا۔ China Rose چائنہ روز۔ اعصابی عضلاتی ہے، مفرح قلب محرک دماغ مقوی حواس، مسکن حرارت ہے، اس گلقند۔ شربت وغیرہ تیار کئے جاتے ہیں۔ جوٹی بی خشک کھانسی خون تھوکنا۔ جسم کے کسی حصے سے خون آنے کے لئے بے حد مفید ہے۔ تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ پھولوں کے باقاعدہ استعمال سے انسان کا وحشی پن۔ حیوانگی۔ غصہ دور ہوکر یکسوئی چین وتسکین نیکی کی طرف جھکاؤ رہنے لگتا ہے۔ آج کل شوروشرابا۔ ٹریفک کا ہجوم۔ خوف وگھبراہٹ غشی کے مریض اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔اس ہیجان انگیز ماحول میں ان چیزوں کی سخت ضرورت ہے۔ اس کا شربت بھی مشہور ہے نسیان وبے خوابی کو دور کرتا ہے۔ دل میں فرحت محسوس ہونے لگتی ہے۔ مجھے امید ہے جو لوگ امسا کی دوائیں کھا کر اپنا ستیاناس کر چکے ہیں انہیں گڑھل ضرور فائدہ دے گا۔ ان کے پٹھوں کے کھچاؤ دور ہوجائیں گے (تاج 855) عربی کتب میں اسے نقرس کے درد جوڑوں کی سوزش میں مفید بتا گیا ہے اسے پھولوں کا قہوہ بنا کر استعمال کرتے ہیں اس قہوہ کو ایک ایک پیالی صبح وشام تجویز کیا گیا ہے۔ یہ عضلات کے سکیڑ کو رفع کرتا ہے اسیالکرکدیہ Hibiscus کہتے ہیں۔ اس کے پھولوں کا عرق نکالتے ہیں اسے ناشتہ میں رغبت کے ساتھ پیتے ہیں۔ (الکرکدیہ وفوائدہ)

## (137) گنا

۔قصب السکر ۔نیشکر ۔کماد، شوگرکین۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ مفرح قلب، ملین ج۔ مدر بول ہے سدے کھولتا ہے گردوں ومثانہ کو صاف کرتا ہے۔ نفث الدم۔ بلغم کی غلظت تپ دق وغیرہ میں کام کی چیز ہے۔ اس سے بنے ہوئے مرکبات شکر گڑ چینی مصری وغیرہ ہر انسان کی ضرورت ہیں۔ اگر اس کے رس میں ہلکی سی ادرک کی آمیزش کرلی جائے تو بھوک میں اضافہ کرتا ہے۔ گنا چوسنے سے دانت مضبوط ہوتے ہیں۔ محنتی لوگوں کے لئے گڑ بہترین چیز ہے کیونکہ اس میں کیلشیم اور فاسفورس کی کافی مقدار موجود ہوتی ہے جوان کی ضروریات کو پورا کرتی ہے۔ آنکھ کی حفاظت کرنے والا وٹامن A بھی پایا جاتا ہے۔ اس میں کلوریز کی بہتات ہوتی ہے (تاج/48)

## (138) گل سرخ

۔ورد۔ گلاب کا پھول Rose۔ روز۔ مشہور چیز ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ محرک اعصاب، مفرح قلب، ملین، سوزش چشم میں اس کا عرق استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی گلقند خشکی گرمی قبض رفع کرنے کے لئے بہترین چیز ہے بلڈ پریشر کے تمام مریضوں کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

## (139) بھیڑ گوشت

۔لحم الضان اعصابی عضلاتی ہے۔ حرارت عزیزی پیدا کرتا دیر ہضم گوشت ہے۔ غدی مریضوں کے لئے بے حد مفید ہوتا ہے اس کی چربی زیادہ ہوتی ہے۔

## (140) گوشت خرگوش

۔لحم الارنب۔ مشہور جانور ہے اعصابی عضلاتی ہے۔ اس میں حرارت عزیزی بہت کم ہوتی ہے۔

## (141) لونیا کا ساگ

۔بقلة الحامض۔ لونگ کا ساگ۔ Purslan۔ خرفہ کی ایک قسم کا ساگ ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ انتہائی سرد ہونے کی وجہ سے طبیعت کو نرم کرتا ہے جوش خون کو اعتدال پر لاتا ہے بلغم ورطوبات کو بڑھاتا ہے۔ ہر قسم کے اخراج خون کو روکتا ہے۔

## (142)مونگی

۔ماش مج۔ بنو ماش۔ Green Gram۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ کثیر الغذ اء۔ محلل سوزش غدد۔ دافع پیچس۔ حابس الدم ہے اس کی دال بنا کر کھائی جاتی ہے۔ زیادہ کھانے سے طبیعت ٹھنڈی ہوجاتی ہے۔ اعصابی علامات پیدا ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔

## (143)مصری

۔نبات۔ قند۔ مصفی چینی کہنا بہتر ہوگا اعصابی عضلاتی ہے۔ گلے کو صاف کرتی ہے۔ مصری ایک حصہ نمک لاہوری نصف حصہ باہم ملا کر سفوف بنالیں بطور سرمہ لگانے سے موتیا بند کے لئے فائدہ دیتا ہے۔ شربتوں وجوشاندوں میں قدیم سے اطباء کرام استعمال کرتے رہے ہیں۔

## (144)مکھن

۔زبد۔ مسکہ۔ Butier۔ دودھ کا عصارہ ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے ملین۔ مفرح ملطف۔ مقوی ومحرک جگر دافع خشونت محلل اورام۔ مسمن بدن ہے۔ اعلی درجے کا قبض کشاء ہے کثیر مقدار میں چربی پیدا کرکے بدن کو فربہ کرتا ہے۔ معدہ کی خشکی کے لئے 5 تولے مکھن دن میں دوبار کھانا فائدہ دیتا ہے ہر قسم کے خون کا اخراج بند کرتا ہے۔ تقطیر البول اور سوزش کے مریضوں کیلئے آب حیات ہے۔

## (146)نیلوفر

۔کرنب الماء، چھوا کنول۔ کمیاں۔ Water lily۔ اس کا پھول دن کو بند رات کو کھلتا ہے۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ مخرج صفرا، مولد بلغم ورطوبت مسکن حرارت ہے یرقان کے مریضوں کیلئے بالخاصہ مفید ہے۔ سینہ کی جلن دل کی گھبراہٹ فورا دور کرتا ہے۔ اسکی گلقند بنائیں جو اخراج خون کو بند کرنے کے لئے بہترین چیز ہے۔ شربت نیلوفر بھی بناتے ہیں جو خفقان کے لئے بہترین نتائج کا حامل ہے۔

## (147)اجوائن خراسانی

۔سکیر ان۔ اعصابی عضلاتی ہے محرک دماغ واعصاب دافع سوزش جگر وکلیہ غدد امعاء ومثانہ۔ مخدر ومنوم ہے۔ حباس مجفف رادع ہے۔ ہر قسم کی اندرونی وبیرونی دردوں کے لئے تسکین دیتی ہے سوزشی نزلہ دردسر کھانسی دردسینہ شدید کے لئے مفید ہے اس کا روغن مالش کے علاوہ دردکان درددانت میں ایک کامیاب دوا ہے سرعت انزال دور کرکے امساک پیدا کرتی ہے۔ گردوں ومثانہ میں پتھری یا درد کے لئے بھروسہ کی دوا ہے۔ ایک سے چار رتی مقدار خوراک ہے۔ زیادہ مقدار زہریلے اثرات پیدا کرسکتی ہے تریاق بکری کا نیم گرم دودھ شہد وغیرہ ہیں۔ منشیات کی قبیل سے ہے۔ اس کا ایک مرکب حب سکیران کے نام سے مشہور ہے۔ وہ یہ ہے۔ ہوالشافی: اجوائن خراسانی 2 تولے۔ تخم دھتورہ 2 تولے۔ سنڈھ 2 تولے۔ سب کو باریک کرکے شہد کی مدد سے مونگ برابر گولیاں نالیں۔ صبح وشام ایک ایک گولی دودھ یا پانی سے۔ جب مواد رکیک ہوکر ناک سے بہے۔ یا اندر گر رہا ہو۔ یا جوڑوں میں اعصابی دردیں ہوں۔ کمر جھک نہ سکتی ہو تو جادوئی اثرات دکھاتی ہیں۔ (جڑی بوٹیاں اوران کے عجیب وغریب خواص)

## (148)اروی

۔قلقاش۔ گھیاں۔ اعصابی عضلاتی ہیں۔ بدن کو فربہ کرتی ہیں۔ غدی امراض کا توڑ ہیں۔ عورتوں میں دودھ پیدا کرتی ہیں۔ مدر بول ہیں۔

## (149) اسپغول

۔ بزرقطعون۔ اسفیوش۔ اعصابی عضلاتی ہے۔ محرک اعصاب، مولد بلغم، مسکن معدہ و امعاء، دافع حرارت وصفراء، مدر بول وملین ہے۔ حرارت کو کثرت سے خارج کرنے کی وجہ سے دل کی گھبراہٹ سوزش امعاء کے لئے مفید ہے۔ گردے، آنتوں کے زخم بہت جلد بھر جاتے ہیں۔ اگر خون پیپ آرہا ہو تو بند ہو جاتا ہے اگر کسی کو گرمی و خشکی ہو تو اس کے لئے اچھا ملین ہے۔ جن پھوڑے پھنسیوں میں آگ سی لگی رہتی ہو اُن پر اسکا لعاب لگانا بہت مفید رہتا ہے۔ اسے کوٹ کر استعمال کرنا منع ہے۔

## (150) اسرب

۔ رصاص اسود۔ سیسہ۔ مشہور دھات ہے۔ حابس الدم، قابض رطوبات۔ مغلظ ممسک، دافع سوزش غدد و کثرت طمث۔ ہے تقطیر البول خون بہنے کو مانع ہے۔

# ..257 عضلاتی...141 اعصابی 150 غدی

اونٹ کٹارہ۔ اشتر خار۔ شوکتہ اجمل۔ غدی اعصابی ہے۔ خاردار پودا ہے اخروٹ جتنا موٹا پھل ہوتا ہے لیکن اس پر دھتورہ کی طرح کانٹے ہوتے ہیں۔ (تاج 46/1)

الٹ کمبل۔۔۔۔

جل دھنیا۔ لٹوکری۔ موشک۔ کیسکج۔۔ دھنیا سے ملتے جلتے پتے ہوتے ہیں۔ عضلاتی اعصابی ہے کیونکہ اس کے استعمال سے خونی قے آسکتی ہے۔

شولنگی۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ اولاد کی آرزو کے لئے مانی ہوئی چیز ہے۔ تاج العقاقیر ہندستانی جڑی بوٹیاں 198/1)

شاہترہ۔ پاپڑہ۔ شاہترج۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ جوڑوں کے درد۔ پھوڑے پھنسیاں فساد خون میں مانی ہوئی چیز ہے۔ مصفی خون کے نسخوں کا جزو اعظم ہے۔ ملیریا وغیرہ بخاروں میں بہت استعمال کیا جاتا ہے۔ تاج العقاقیر ہندستانی جڑی بوٹیاں 202/1)

کنگھی بوٹی۔ اعصابی غدی ہے۔ اہل تجربہ کا بیان ہے کہ پان کے ساتھ دو چار پتے کنگھی بوٹی کے چبائیں اور ان کی پیک سوکڑے کے مریض بچے کی پیٹ پر تھوکیں اور نرم ہاتھ سے ملیں چند منٹ میں کرم نمودار ہونگے انہیں دور کردیجئے۔ تین چار روز میں بچہ سوکڑہ سے نکل کر صحت کی طرف لوٹ آئے گا۔" جڑی بوٹیاں اور ان کے عجیب وغریب خواص 57/1)

ابہل، ہاؤبیر ثمر سرد کوہی Juniper۔ عضلاتی غدی۔ حاملہ عورتوں کو اس کا استعمال ممنوع ہے کیونکہ یہ مسقط جنین ہے۔ قروح خبیثہ کو بڑھنے سے روکتا ہے۔ اورام حادہ میں مفید ہے۔ اسقاط جنین کے لئے صدھوں سے مانی ہوئی چیز ہے (الحاوی فی الطب 13/6)

گیندا۔ صدبرگ۔ Calendua Officnalias، ۔

سویا۔۔ شبت۔ Fenel Seed سونف کی طرح کا پودا خودرو پیدا ہوتا ہے۔ اس کے پتے کا سر ریاح۔ مفتت سدہ ہاضم۔ دافع پیچس۔

سویا بین۔ انسانی جسم کی حفاظت کے لئے انمول چیز۔ تاج 808۔ تفصیل بعد میں صفحہ ہذ سے۔۔۔۔

کریلا۔ عضلاتی اعصابی ہے۔ شوگر اعصابی کے مریضوں کے لئے بڑی نعمت ہے۔ چیچک خسرہ وغیرہ میں فائدہ دیتا ہے۔ اس کے جوس کو جسے جوسر سے آسانی کے ساتھ نکالا جاسکتا ہے ایک ڈرام سے شروع کرکے۔ رفتہ رفتہ دو اونس تک لے جائیں انسولین کی ضرورت پیش نہیں آئی گی۔ اگر زیادہ دنوں تک رس کریلا کو محفوظ کرنا ہو تو رس کریلا فی پونڈ دس گرین پوٹاسیم میٹا بائی سلفیٹ ملا کر محفوظ کیا اجاسکتا ہے۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے شوگر میں نمایاں کمی ہوجاتی ہے، یہ بخار کے ٹمپریچر کو بھی کم کرتا ہے۔ تاج 840) فساد خون کو بھی نافع ہے جب بدن پر پھوڑے پھنسیاں بکثرت ہوجائیں۔ خون کا قوام پتلا ہوجائے۔ جسم میں کھاری پن کے اثرات زیادہ ہوجائیں منہ چپچپا رہنے لگے۔ تو کریلا اپنی سحر انگیزی سے متأثر کرتا ہے۔



/tibb4all

www.tibb4all.com

☎ +92323-8537640

+92348-4225574

# حکیم قاری محمد یونس شاہد میو

مئولف کتب کثیرہ در طب و عملیات

نبض شناس، ماہر غذائیات۔ معالج خصوصی، جوڑ درد، کمر درد، مہرہ۔ فالج

منتظم اعلی

سعد طبیہ کالج برائے فروغ طب نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، KM25 میٹر کاہنہ نو لاہور پاکستان

Https//www.tibb4all.com